# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل مورخہ 21 جون 2011ء بمطابق 18 رجب 1432 ہجری سہ پہر پانچ بجکر پینتالیس منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ۔

اَللّٰہُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْفُلْكَ لِتَجْرِیَ فِی الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْاَنْهٰرَ O وَسَخَّرَ لَكُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَآئِبَیْنِ وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ O وَاٰتٰىكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا اِنَّ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ۔

(ترجمہ): اللہ ایسا ہے جس نے آسمانوں کو اور زمین کو پیدا کیا اور آسمان سے پانی (یعنی مینہ) برسایا پھر اس پانی سے پھلوں کی قسم سے تمہارے لیے رزق پیدا کیا اور تمہارے (نفع) کے واسطے کشتی (اور جہاز) کو مسخر بنایا کہ وہ (خدا) کے حکم (وقدرت) سے دریا میں چلے اور تمہارے نفع کے واسطے نہروں کو (اپنی قدرت کا) مسخر بنایا۔ اور تمہارے (نفع) کے واسطے سورج اور چاند کو (اپنی قدرت کا) مسخر بنایا جو ہمیشہ چلنے ہی میں رہتے ہیں اور تمہارے نفع کے واسطے رات اور دن کو (اپنی قدرت کا) مسخر بنایا۔ اور جو چیز تم نے مانگی تم کو ہر چیز دی اور اللہ تعالیٰ کی نعمتیں اگر (ان کو) شمار کرنے لگو تو شمار میں نہیں لا سکتے (مگر) یہ سچ ہے کہ آدمی بہت ہی بے انصاف بڑا ہی ناشکرا ہے۔ و آخِرُ الدَّعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِینَ۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔

## اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: ان معزز اراکین اسمبلی نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں جن میں: محترمہ ستارہ ایاز صاحبہ نے 20تا22 جون 2011 اور جناب وجیہہ الزمان خان نے 21 جون 2011 کیلئے رخصت طلب کی ہے تو Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The leave is granted.

سید ظاہر علی شاہ (وزیر صحت): جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی شاہ صاحب، کیا اچھی خبر ہے؟

## جناب سپیکر کی جانب سے اعلان

وزیر صحت: شکریہ، جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ آج 21 جون ہے اور 21 جون محترمہ بینظیر بھٹو شہید کا یوم پیدائش ہے اور انہوں نے جس مقصد کیلئے شہادت دی اس قوم کیلئے، اس ملک کیلئے، جمہوریت کیلئے تو ان کی اس شہادت کے بعد پچھلے تین سالوں سے ہم نے ایک سلسلہ شروع کیا ہے، Blood collection کا اور یہ جو خون ہم اکٹھا کرتے ہیں، چونکہ ہمارا یہ صوبہ دہشت گردی کی لپیٹ میں ہے اور ان لوگوں کو جو زخمی حالت میں ہسپتال لائے جاتے ہیں، چاہے وہ پولیس والے ہیں، چاہے عوام سے ان کا تعلق ہے یا دیگر Law Enforcing Agencies جو ہیں تو ان کیلئے ضرورت پیش آتی ہے تو اس سلسلے میں ہم نے تمام صوبے میں اور پشاور میں بلڈ کیمپس کا Arrangement کیا ہے۔ آج اس حوالے سے اسمبلی میں عبدالاکبر صاحب کے آفس میں ہم نے ایک بلڈ کیمپ کا انتظام کیا ہے تو میری ریکویسٹ ہوگی کہ چونکہ ایک اچھے Cause کیلئے ہم سب یہ کام کر رہے ہیں، یہ خون دینا ویسے بھی صحت کیلئے بہتر ہوتا ہے تو میری ریکویسٹ ہوگی تمام ممبران صاحبان سے اور جو گیلری میں بیٹھے ہوئے ہیں اور پریس کے صاحبان سے کہ اگر وہ اس سلسلے میں اپنے خون کا عطیہ دینا چاہیں تو ساتھ ہی عبدالاکبر صاحب کے کمرے میں کیمپ کا انعقاد کیا گیا ہے تو ان کا شکریہ ہوگا، یہ ان کی ذات کو ایک خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے، میرا خیال ہے کہ اس سے بہترین طریقہ اور کوئی نہیں ہو سکتا۔ شکریہ، جناب سپیکر۔

## ضمنی بجٹ برائے مالی سال 2010-11 پر بحث

جناب سپیکر: شکریہ۔ Janab Akram Khan Durrani Sahib, to please start discussion on supplementary budget۔ انہوں نے نامزد کیا ہے حافظ اختر علی صاحب کو، جی حافظ اختر علی صاحب۔

حافظ اختر علی: نحمده و نصلی علیٰ رسوله الکریم، اما بعد فَاَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ نحن قسمنا بينهم معيشتهم فی الحياة الدنيا صدق الله العظيم۔ محترم جناب سپیکر صاحب، ضمنی بجټ 2010-11چه کوم په ایوان کښے او هاؤس کښے پیش شوے دے ، ابتدائی خبره به زه دا اوکړم چه اپوزیشن ته هم تنقید برائے تنقید نه گریز پکار دے او حکومت ته هم که تنقید برائے تعمیر کیږی یا تنقید برائے اصلاح کیږی نو په هغے ناراض او خفه کیدل نه دی پکار ځکه جناب سپیکر صاحب، زمونږ هاؤس چه دا بجټ پاس کوی او د دے صوبے د پاره کوم د امداد او د خرچ یو نظام هغه وضع کوی او که چرے بیا مونږ د هغے غلطو یا د هغے خامو نشاندهی اونکړو نو یقیناً هغه شاعر وئیلی دی:

وائے ناکامی متاعِ کارواں جاتا رہا — کارواں کے دل سے احساسِ زیاں جاتا رہا

نو که مونږ سره د نقصان احساس هم نه وی نو دا به یو ډیره لویه المیه وی۔ جناب سپیکر صاحب، کوم ضمنی بجټ چه ایوان کښے پیش شوے دے، زما د معلوماتو مطابق 25 ارب 36 کروړ 25 لاکھ 61 هزار یو ډیر خطیر لاګت سره یو ضمنی بجټ دے د دے غریبے صوبے د پاره، د دے مقروضے صوبے د پاره او د دے بدامنئ او د لوډ شیډنګ او داغوا برائے تاوان په هغه تیرو کښے د ګرفتارے صوبے د پاره او داسے یو مفلوک الحال صوبے د پاره یو ډیره لویه المیه ده جناب سپیکر صاحب، د دے نه یقیناً ډیر شکوک و شبهات هم پیدا کیږی، لهذا مجموعی لحاظ سره ایوان او مونږ د دے زیاتو اخراجاتو نه په دے طریقے سره مطمئن نه یو۔ جناب سپیکر صاحب، زه به د ایوان مخے ته ستاسو په وساطت سره یو خبره پیش کړم چه د 2010-11چه کوم بجټ پیش شوے دے او بیا کوم بجټ بک او بجټ تقریر هغه ایوان ته پیش شوے وو، پکار خو دا ده چه د هغے د تقاضو مطابق نن Extra budgetنه وے راغلے بلکه نن په هغے کښے ډیر

بقایا جات پاتے شوی وو او د هغے وجه جی دا ده، د هغے دلیل جی دادے که چرے تاسو د 11-2010هغه بجټ بک ځان ته مخے ته کړئ نو په هغے کښے دا وعده ایوان سره شوے ده، دا اعلان ایوان ته شوے دے او دے ټولے صوبے ته او دے ټول عوام ته چه مونږ به د پن بجلی اووه منصوبے جوړوؤ او د هغے نه به پانچ سو نو میګاواټ بجلی به مونږ دے قوم ته ورکوؤ۔ نن دا هاؤس او مونږ دا تپوس کوؤ، مونږ په دیکښے حق بجانب یو چه په دغه پانچ سو نو میګاواټ کښے یو میګاواټ هم تیار شوے دے، آیا د هغے هغه پیسے، د هغے هغه رقم، د هغے هغه لاګت کوم خوا ته لاړو؟ جناب سپیکر صاحب، دا وعده قوم سره شوے وه، صوبے سره شوے وه، مونږ سره شوے وه چه پانچ لاکھ طلباء ته به سکالر شپس ورکوؤ، آیا نن د دے څومره ایفاء شوے ده؟ نن د دا ټولے منصوبے اول قوم ته، دے ایوان ته پیش شی، څومره منصوبے تکمیل ته اورسیدے، د هغے Completionاوشو، څومره زیر التواء دی او څومره په هغے کښے رکاوټونه دی؟ جناب سپیکر صاحب، د صوبے سره او د قوم سره دا وعده شوے وه په 11-2010بجټ کښے چه مونږ به لس ایف ایم ریډیو سټیشنے او یو هغه ټی وی سټیشن جوړوؤ، آیا څومره جوړ شو، آیا په هغے پیسے څومره اولګیدے؟ تاسو تیر کال هم مونږ نه استدعا کړے وه، اپوزیشن باقاعده تیر کال هم تعاون کړے دے او اوس هم کوی خو مونږ په دیکښے حق بجانب یو چه دا پښتنه اوکړو او دا سوال اوکړو چه آیا د قوم هغه دولت په قوم باندے اولګیدو؟ جناب سپیکر صاحب، دے سره دغه شان مختلف منصوبے که هغه تکمیل ته نه دی رسیدلی نو پکار خو دا وه چه نن خو هغه پیسے بیا ډیرے باقی پاتے شوے وے لیکن نن دوباره پچیس ارب روپئ بیا ایوان ته راوړلے شوی دی چه تاسو مونږ له اجازت راکړئ، د دے نه معلومیږی چه"*دال میں کچھ کالا ہے*"۔ جناب سپیکر صاحب، زه صرف د تاریخ اسلام دے ایوان ته د پیش کولو د پاره یو مختصر مثال پیش کوم۔ خلیفه راشد حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمهم الله خلیفة المسلمین وو، د هغه ګورنر د یو صوبے واکدار عبدالحمید صاحب وو او چه کله کال تیریږی، نن خو مونږ وایو ایکسټرا نورے پیسے راکړئ، هغه مرکز ته لیکی چه زمونږ څومره اخراجات وو نو هغه ټول مکمل شوی دی خو مونږ سره پیسے پاتے دی نو تاسو

مونږ ته د خپل مرکز نه هدایات راکړئ چه دا باقیمانده پیسے مونږ په څه کښے اولګوؤ؟ هغلته نه ورته هغوی انسټرکشنز ورکوی چه دا پیسے چه تاسو لګوئ نو اوګورئ چه کوم په دیکښے هغه خلق دے چه د هغوی اوسه پورے د سر سورے نشته، د هغوی مکانات نشته، هغه د ملک او د ملت هغه مفلوک الحال طبقه ده، هغوی له انتظام اوکړئ۔ صوبے نه ورته هغوی لیکی خپل فیډرل او مرکز ته چه جی دا مقصد مونږه پوره کړے دے، بیا هم پیسے پاتے دی۔ هغوی وائی بیا داسے اوکړئ چه کوم یتیم هلکان او یتیمے جینکئ چه د هغوی د واده او د نکاح څه بندوبست نه شی کیدے، د دے پیسو نه د هغوی د پاره انتظامات اوکړئ، هغوی د صوبے نه مرکز ته لیکی، دا د تاریخ اسلام حصه ده جی، چه دا مقصد مو هم پوره کړے دے، دغه نکاحونه هم شوی دی د هغه یتیمانانو هلکانو جینکو، بیا هم پیسے پاتے دی، آیا مونږ دا کوم ځائے کښے Utilize کړو؟ هغوی وائی بیا داسے اوکړئ چه کوم ستاسو په دے صوبه کښے داسے طبقه ده چه هغوی اوسه پورے مقروض دی، د مهر قرضه جات دی په هغوی باندے یا نور څه دی نو د دے نه ورته اوکړئ۔ هغوی ورته وائی چه دا مقصد هم پوره شوے دے او اخر کښے نمبر چار هغوی ورته وائی په دے باندے احیاء ارض الاموات اوکړئ، هغه بنجره زمکه چه هغه په دے صوبه کښے ده او د هغے نه دے قوم ته یو انکم راتلے شی، د دے قوم معیشت کښے د هغے سره بهتری راتلے شی، لهذا دا تاسو په هغے باندے اولګوئ۔ جناب سپیکر صاحب، دا وجه د هغے وه چه هغه خلیفه او هغه مشر حضرت عمر بن عبدالعزیزرحمهم الله د بازار نه کور ته ځی نو چه کور ته رسی نو خپلے زوجه ته او خپل Wife ته وائی چه په بازار کښے ډیر بهترین انګور ما ته په نظر باندے راغےاو ډیرشوق او زړه مے ورته اوشو خو ستا سره به یو درهم نه وی چه ماله د هغے څه انتظام اوشی؟ هغه ورته وائی چه ستا سره انتظام نشته نو بیا به زما سره د کوم ځائے نه پیسے راشی؟ *البتہ آپ تو امیرالمومنین ہیں*، داسے اشاره ئے ورته ورکړه نو هغوی ورته ډیر ښه یو تاریخی جواب ورکړوچه *میں امیرالمومنین ہوں* خو هغوی پیسو ته اشاره کوی چه هغه زه د هور سروټکے ګنړم، *آگ کے انگارے ہیں*، هغه د بیت المال پیسے دی، هغه د

اجتماعی خزانے پیسے دی۔ جناب سپیکر صاحب، نن چه کوم حالات مونږ وینو چه یو طرف ته د ملک او ملت خزانه کومه بے ترتیبئ سره، په بد نظمئ سره، په مالی بد عنوانئ سره خرچ کیږی او بل طرف ته غریب ته د دے صوبے نن د ناروا ظالمانه لوډ شیډنګ نه مونږ نجات نه دے ورکړے، نن مونږ هغه ته امن نه دے ورکړے، نن مونږ د هغه هغه خپل حقوق نه دی محفوظ کړی جناب سپیکر صاحب، په دغه ضمنی بجټ کښے دا کوم دومره وافر مقدار او دومره لوئے لاګت چه لګیدلے دے، بیا جناب سپیکر صاحب، زما یوه شکوه ده او دا زمونږ حق دے چه هغه خپله شکوه حکومت وقت ته ستاسو په وساطت سره پیش کړو۔ دا جی زمونږ د 2011-12 چه کوم د اربونو روپو بجټ پیش شو یا اوس ایکسټرا، ضمنی سپلمنټری پیش کیږی، ډیر په افسوس سره خبره کول راځی چه نن په دے اربونو روپو کښے، نن په دے بجټ بک کښے، نن په دیکښے د مساجدو نوم قدر نشته، نن د مدارسو نوم قدر نشته، اخر دا امتیازی رویه ولے ده؟ نن د پارکونو د پاره په دیکښے پیسے شته، نن په دیکښے د فنکار برادرئ د پاره پیسے شته، نن په دیکښے د اقلیتی برادرئ د پاره شته او پکار دی لیکن د دے جماعتونو څه ګناه ده؟ زه به اووایم، هغه لاهوری قلندر علامه اقبال مرحوم چه آیا دا د مغرب د غلامئ نه مونږ متاثره یو، د هغوی نه مونږ یریږو؟ هغه چه موازنه د مشرق او د مغرب کړے وه نو هغه فرمائیلی ووچه:

ے یہاں مرض کا سبب ہے غلامی وتقلید — وہاں مرض کا سبب ہے نظام جمہوری

نہ مشرق اس سے بری ہے، نہ مغرب اس سے بری — جہاں میں عام ہے قلب ونظر کی رنجوری

جناب سپیکرصاحب، نن چه دا کوم اعلانات شوی دی، که چرے دا داسے اعلانات وی او بیا آئنده د پاره مونږ سپلمنټری بجټ پیش کوؤ، زه به ستاسو په دے سپلمنټری بجټ کښے دے نکتے طرف ته اشاره اوکړم، د محکمے صحت د پاره اربونه روپئ سپلمنټری کښے ایک ارب 5 کروڑ، د هغے نه څه Above محکمه آبپاشی د پاره 26 کروړ 36 لاکھ د هغے نه څه Above، حالانکه کوم روډونه چه په سیلاب کښے متاثره شوی وو، هغه خو تر اوسه پورے متاثره دی، هغه کینال روډونه، هغه نهری نظام، هغه پلونه او بیا زمونږ محکمه صحت زمونږ هسپتالونه خو هغه شان پخپله بیماران دی، لهذا جناب سپیکر صاحب، زما

تجویز دا دے چه مالی نظم و ضبط ته د گورنمنټ انتہائی توجه ورکړی او د دے صوبے چه کوم غریب اولس دے او غریب انسان دے نو هغه ته د د بجټ نه پوره پوره د مستفید کیدو موقع ملاؤ شی ورنه که دا سے نه وی نو:

جس کھیت سے دہقاں کو میسر نہ ہو روزی ــ اس کھیت کے ہر خوشہ گندم کو جلادو

(تالیاں)

و آخِرُ الدَّعْوَانا أَنِ ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلْعَٰلَمِينَ۔

جناب سپیکر: شکریہ، حافظ اختر علی۔ حاجی قلندر خان لودھی صاحب۔

حاجی قلندر خان لودھی: شکریہ جناب سپیکر، کہ آپ نے مجھے ضمنی بجٹ 11-2010 پر اظہار خیال کا موقع دیا۔ جناب سپیکر، سالانہ بجٹ کی اخراجات سے پہلے منظوری لی جاتی ہے لیکن ضمنی بجٹ خرچ کرنے کے بعد اس معزز ایوان میں منظوری کیلئے پیش کیا جاتا ہے۔ جناب سپیکر، میں پہلے بھی اپنی تقاریر میں وقتاً فوقتاً یہی کہتا چلا آ رہا ہوں کہ کیا ہی اچھا ہوتا اگر یہ ضمنی بجٹ کا Trend ختم کیا جاتا، اسے Discourage کرنا چاہیئے لیکن نظر ایسا آتا ہے کہ بلاک ایلوکیشن اور ضمنی بجٹ سے چھٹکارا بہت مشکل ہے۔ جناب سپیکر، یہ ضمنی بجٹ 10-2009 تو اس کا پیش خیمہ تھا کہ اس میں صوبے کی بگڑتی ہوئی حالت تھی، اس میں پولیس کی وسیع پیمانے پر بھرتیاں کی گئیں، ان کی تنخواہ کا مسئلہ تھا، آئی ڈی پیز کا مسئلہ تھا، تیس پینتیس، چالیس ہزار لوگوں کو چونکہ معاوضہ بھی دینا تھا، بہر حال اس میں تو ایک ایسا مسئلہ بن گیا کہ بہت ہی Unavoidable تھا لیکن ضمنی بجٹ 11-2010 بھی ہمارے اعمال کی شامت سمجھیں یا حالات ایسے ہیں یا ہم جتنے دین سے دور ہوتے جا رہے ہیں تو مصیبتوں میں پھنستے جا رہے ہیں، تو یہ بھی اس سیلاب کی وجہ بن گیا، اسمیں اتنا بدترین سیلاب آیا جس میں جو بھی امداد آئی، باہر سے آئی یا Even مرکز سے بھی لیکن چونکہ صوبائی گورنمنٹ کو فوری طور پر اس کا بندوبست کرنا پڑا، سات ارب روپے اس پر خرچ کئے گئے۔ بہر حال جناب سپیکر، وہ تو چلیں ایک بات سمجھ میں آتی ہے کہ ایسی ناگہانی ایک آفت آ گئی تو اس پر خرچ ہو گئے لیکن اس میں مجھے یہ سمجھ نہیں آتی کہ یہ جو اس کے بعد انہوں نے خرچہ بتایا، وہ تو چلو 7 ارب 14 کروڑ 52 لاکھ 14 ہزار روپیہ ناگہانی آفت کیلئے تھا لیکن یہ جو ضلعی حکومتوں کی ایک سے بیس سکیل تک جو تنخواہ پچاس فیصد بڑھائی گئی تو تنخواہ میں مزید اضافے کی مد میں دو ارب 73 کروڑ روپے کچھ دیئے گئے تو یہ سمجھ نہیں آتا کہ کیا حکومت کے پروگرام میں یہ چیزیں پہلے سے نہیں ہوتیں، یہ جو سالانہ بجٹ ہوتا ہے یہ کس لئے ہوتا ہے؟ آیا اس پر عوام کا دباؤ آئے گا، پریشر Build up ہو گا یا اسمبلیوں میں شور ہو گا،

گورنمنٹ خود یہ کریڈٹ کیوں نہیں لیتی، یہ کریڈٹ انہیں لینا چاہیئے کہ اس چیز کو، اس Provision کو بجٹ میں رکھے نہ کہ ضمنی بجٹ میں اتنی خطیر رقم وہ رکھ لے۔ اسی طرح صحت کے شعبے میں جو انہوں نے ایک ارب روپیہ، تو صحت کے شعبے میں یہ ایک ارب روپیہ بھی اضافی خرچہ ہے، باقی کروڑوں میں ہے، یہ بھی اس سے ہو گیا تو یہ ان کو نہیں پتہ تھا کہ ہم نے یہ پروگرام بنانا ہے اور اس کیلئے ہمارا کتنا Estimate بنے گا اور کیا کرینگے؟ یہی قباحتیں ہیں ہماری بلاک ایلوکیشن کی، ہم بلاک ایلوکیشن میں ایک چیز رکھ دیتے ہیں، اس کے بعد اس کا کوئی پی سی ون ہو، جیسے ابھی آگے ایک سو سکیمیں پانی کی رکھی ہوئی ہیں گورنمنٹ نے، تو اس میں اگر نوے سکیموں کا بھی پی سی ون آ جاتا ہے اور ایک کا نہیں آتا تو وہ بلاک ایلوکیشن میں لٹک جاتی ہے تو پھر یہ ہوتا ہے کہ اس چیز کو 'نان اے ڈی پی' میں ڈالنا پڑتا ہے اور پھر اسی ضمنی بجٹ کا وہ حصہ بن جاتی ہے کیونکہ In time گورنمنٹ اس قابل نہیں ہوتی کہ اسے ریلیز کرے تو جناب سپیکر، میں دونوں طرف جا رہا ہوں، ایک گورنمنٹ کی اچھائی بھی کہ جو چیزیں گورنمنٹ کو خرچ کرنے سے نہیں بچا سکتیں، اس کی مجبوری بھی ہے اور دوسری طرف جو چیزیں وہ Avoid کر سکتی ہے، ان میں اپنے آپ کو پھنسانا نہیں چاہیئے جناب سپیکر۔ اسی طرح سے جناب سپیکر، جو ریٹائر ہوئے ہیں، ان کو بھی پنشن کی مد میں ایک ارب روپیہ جو معمولی رقم ہے، یہ ایک ارب روپیہ پنشن کی مد میں اضافی دے دیا گیا، ان کو نہیں پتہ کہ ہمارے ملازمین کتنے ہیں، کتنے لوگوں کی ہم نے پنشن دینی ہے، کتنے لوگ پنشن پر ہیں؟ تو یہ چیزیں بجٹ میں بھی آ جاتی ہیں۔ پھر اس کے بعد اربوں میں یہ اضافی خرچہ آ جاتا ہے تو مجھے اس کی کوئی سمجھ نہیں آئی جناب سپیکر۔ اس دفعہ کا ہمارا بجٹ پچیس ارب ہے، پچھلی دفعہ میرے خیال میں شاید پینتیس تھا آئی ڈی پیز کی وجہ سے لیکن یہ ہے کہ اس Trend کو کم کرنا چاہیئے۔ چونکہ اضافی بجٹ میں زیادتی جو ہے، یہ قابل قبول کسی حالت میں نہیں ہوتی چونکہ پہلے تو جو بجٹ کی منظوری سب سے لیکر خرچ کیا جاتا اور اس کے سارے Bio data کے متعلق آپ کو پتہ ہوتا ہے کہ کہاں خرچ ہو رہا ہے؟ لیکن یہ تو بعض اوقات گورنمنٹ کی اپنی من مانی بھی ہو سکتی ہے، وہ خرچ کرتے ہے، 'نان اے ڈی پی' پھر اسمیں آ جاتی ہے اور اس میں خرچ کر کے پھر اس میں ڈال دیتی ہے اور یہ بڑا بوجھ بن جاتا ہے۔ اسی طرح جناب سپیکر، یہ جوایڈمنسٹریشن آف جسٹس کی مد میں صوبائی متاثرین کیلئے انہوں نے بنچ بنایا ہے، تو سوات میں تو ان کے حالات ٹھیک تھے، دوبارہ ان کو بنانا پڑا، بنوں میں بھی ان کے حالات اتنے خراب تھے، ان سے پہلے وہاں بنچ بھی تھا، انہوں نے پھر اس پر خرچہ بھی کیا۔ اسی طرح سے ٹھیک ہے Repair پر ان کے دس کروڑ

روپے وہ میں سمجھتا ہوں کہ ٹھیک ہے Repair ضروری ہے، کسی جگہ پل گر جاتا ہے، روڈ کا مسئلہ ہو جاتا ہے، کچھ ہو جاتا ہے تو اس میں تو چلو خرچہ اس کا آتا ہے جی۔ اسی طرح جناب سپیکر، مردم شماری کی مد میں، مردم شماری تو ہوئی نہیں میرے خیال میں خانہ شماری ہوئی ہے، اس کی مد میں انہوں نے بڑی خطیر رقم کا خرچہ کیا ہے تو کیا گورنمنٹ کو پتہ نہیں، ان کی ایسی کوئی منصوبہ بندی نہیں ہے کہ ہم نے کب مردم شماری خانہ شماری کرنی ہے؟ اور اس کیلئے Provision پہلے سے بجٹ میں رکھنی چاہیئے کہ ایک اور بجٹ بنے گا۔ آبپاشی کی سکیموں پر جی تقریباً کافی رقم خرچ کی گئی ہے لیکن اس میں جو رقم ہے، میں یہ سمجھتا ہوں کہ چونکہ سیلاب کیوجہ سے وہ سکیمیں Disturb ہوئی ہیں، آبپاشی کی اور شاید اس میں جو خرچہ ہوا ہے، اس کی Justification ہے۔ اسی طرح جناب سپیکر، یہ ورکرز ویلفیئر بورڈ پر جو خرچہ کیا گیا ہے، تو یہ بھی معدنیات کیلئے، ٹھیک ہے جو کچھ گورنمنٹ کہتی ہے لیکن اتنا نہیں ہے۔ جناب سپیکر، یہ صوبہ مالا مال ہے معدنیات سے اور اس کا اتنا Misuse ہو رہا ہے اور اس میں ٹھیک ہے میرے معدنیات کے منسٹر صاحب کی اپنی Efforts ہیں، یہ کوشش بھی کرتے ہیں لیکن میں اپنے ہزارہ کی بھی بات کروں، وہاں سوپ سٹون نکلتا ہے تو اس کا کوئی ریونیو Collect ہو رہا ہے؟ یا اس سے فاسفیٹ نکلتا ہے، کوئی ریونیو Collect نہیں ہو رہا، اس پر کروڑوں روپے گورنمنٹ خرچ کرتی ہے لیکن ان کے پاس کوئی ایسا، جیسا کہ Weight scale لگانا چاہیئے، جسے کانٹا ہم کہتے ہیں، وہ ان روڈوں پر نہیں ہے۔ اس میں کوئی کسی کی پکڑ دھکڑ نہیں، جیسے Black میں جنگل کاٹے جا رہے ہیں، اسی طرح پہاڑوں کو تباہ کیا جا رہا ہے، اس کے درخت ختم کر دیئے جا رہے ہیں اور اس پر کوئی ریونیو لوگ نہیں دیتے، لوگ امیر ہو رہے ہیں، گورنمنٹ غریب ہو رہی ہے اس لئے کہ گورنمنٹ کا چیک نہیں ہے۔ جناب سپیکر، ٹھیک ہے خرچہ کرتے ہیں تو یہ اپنا ریونیو Collect کرنے کیلئے ان پر بھی ذررا پاؤں دبا کر رکھیں تاکہ اس مد میں گورنمنٹ کو بھی کچھ وصول ہو۔ جناب سپیکر، اسی طرح فوڈ کی مد میں انہوں نے سات ارب روپے، اس کا بھی 12 کروڑ 50 ہزار روپے جی، سات ارب تو کل تھا، 12 کروڑ 50 ٹھیک ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ مناسب ہے کیونکہ ہو سکتا ہے کہ ریٹ بڑھ گیا ہو یا ہو سکتا ہے کہ فوڈ منسٹر کو گندم سستے داموں مل رہی ہو اور اس نے Quantity بڑھادی ہو، تو اس کی کچھ سمجھ میں آتی ہے۔ جناب سپیکر، اسی طرح سے اس میں جو خرچے ہیں، میں نے چند آپ کے سامنے رکھے ہیں جو میں نے پوائنٹ آؤٹ کیئے لیکن جناب سپیکر، میں ایک بات کہتا رہتا ہوں، چونکہ پوائنٹ آف آرڈر پر بھی ہمیں مختصر بات کرنا پڑتی ہے، کال اٹینشن پر بھی Specific matter پر بات

ہوتی ہے، کوئسچنز آور کا بھی یہی حال ہوتا ہے، جناب سپیکر، سال میں ہماری ایک ڈیبیٹ ہوتی ہے، یہ ڈیبیٹ ترقیاتی کاموں کے متعلق بھی ہوتی ہے، ہمارے بجٹ کی بھی ہوتی ہے، ہمارے ضمنی بجٹ کی بھی ہوتی ہے اور اسمیں ہم پورے سال میں جو Observe کرتے ہیں، اس کے متعلق بھی ہوتی ہے۔ جناب سپیکر، میں آپکی تعریف کرتا ہوں کیونکہ آپ اس کے حقدار ہیں کہ آپ اس اسمبلی کو کتنے اچھے طریقے سے چلا رہے ہیں، اس کو آپ اپنا ادارہ سمجھتے ہیں۔ صوبائی حکومت صوبے میں اپنی کوشش کر رہی ہے، وزیر اعلیٰ کی کیبنٹ اس کو چلا رہی ہے۔ جناب سپیکر، یہ ہمارا پورا صوبہ بھی پورے ملک کا ایک حصہ ہے، جناب سپیکر، یہ وہ صوبہ ہے جو امن کا گہوارہ تھا اور اس کی لوگ مثال تک دیتے تھے۔ یہاں کوئی ملازم، چاہے وہ کسی ادنیٰ پوسٹ پر ہو یا کسی اعلیٰ پوسٹ پر ہو، وہ کراچی میں ہو یا لاہور میں ہو، وہ چوکیدار ہو یا وہ ڈرائیور ہو یا وہ کلاس فور ہو یا وہ اعلیٰ افسر ہو، لوگ اس کو رشک سے دیکھتے تھے کہ یہ اس صوبے سے تعلق رکھتے ہیں جس صوبے کے لوگوں کی روایت ہے کہ وہ پکے مسلمان اور غیرتمند پٹھان ہیں اور اس کی ایک قدر ہے۔ اس کے ساتھ اپنے تعلقات رکھنا، اس کے ساتھ میل ملاپ کرنا اپنے لئے باعث عزت سمجھتے تھے۔ اب جناب سپیکر، ایسا وقت آگیا کہ اغیار کا ایجنڈا اس پر Implement ہو رہا ہے اور اس میں یہاں تک ہم پہنچ گئے ہیں کہ ہم اگر صوبے کا نام لیتے ہیں تو لوگ وہاں سے دو قدم پیچھے ہٹتے ہیں کہ شاید دہشت گرد ہوں۔ جناب سپیکر، یہ دہشت گردی پورے ملک میں ہے لیکن ملک کے ساتھ ساتھ ہمارے صوبے میں انتہا کو پہنچ گئی ہے۔ میں Appreciate کرتا ہوں گورنمنٹ کو، یہ بڑے اچھے طریقے سے سینہ سپر ہو کر اس کا مقابلہ کر رہی ہے لیکن جناب سپیکر، یہ صرف گورنمنٹ کا نہیں، (تالیاں) یہ دعویٰ سب کا ہے کہ یہ صوبہ ہمارا گھر ہے، ہمارا یہ ملک ہے تو ہم ہیں، تو اس کیلئے ہر مکتبہ فکر، ہر فورم پر، ہر جگہ ہر ایک کو اپنا اپنا Role ادا کرنا چاہیئے۔ میرے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ جناب سپیکر، آپ آئے ہیں، آپ نے اسمبلی میں بڑی Changes کی ہیں، اس کا ڈیکورم بنایا ہے، ہم خوش ہوتے ہیں، ہمارے بیٹھنے کیلئے جگہ اچھی ہے، ہم سبزہ دیکھتے ہیں تو خوش ہوتے ہیں، ہم اس کی صفائی ستھرائی دیکھتے ہیں تو خوش ہوتے ہیں۔ جناب سپیکر، اسی طرح سے ہمارا صوبہ اور ملک بھی ہے، اس گھر کیلئے بھی ہمیں جڑ کر بیٹھنا ہے، بیٹھ کر سوچنا ہے کہ کب تک کریں گے؟ پہلے تو ہمارے پاس ایک تھا، اسامہ کہ اس کیلئے ہم تباہ ہوئے اور ہماری بدقسمتی دیکھیں کہ اگر ملا بھی تو وہ پاکستان سے ملا اور پھر وہ اس صوبے کے حصے سے ملا جس کو ہم Deny بھی نہیں کر سکتے، تو وہ بھی ہمارے لئے بہانہ ہے۔ اب ہمارا دوسرا بہانہ شروع ہو گیا ہے، ابھی اخباروں میں آ رہا ہے،

ٹی وی پروگراموں میں دیکھتے ہیں کہ یہ جو حساس چیز ان کے پاس ہے، یہ اس کا ایٹمی پلانٹ ہے اور اس کی جوہری پاور ہے، شاید یہ قوم یا ملک اس قابل نہیں ہے کہ اس پر کنٹرول کر سکے اور یہ اب بہانہ ہوگا ہمارے لئے اس وقت تک، جس وقت تک ہم ان دہشت گردوں کو باہر نہیں نکالتے ہیں، یہ بھی ایک Litigation ہے اور اس کے بعد دوسری شروع ہو جائے گی، تیسری شروع ہو جائے گی۔ ہم دیکھتے ہیں کہ یہ مسئلہ آج میرا نہیں ہے، دوسرے کا ہے۔ یہ سارے ملک کا مسئلہ ہے، یہ ہم سب کا مسئلہ ہے تو ہم کس تباہی کے دہانے پر کھڑے ہیں؟ جناب سپیکر، آپ کو میں بار بار اس لئے ایڈریس کرتا ہوں کہ آپ تھوڑا سا سوچ لیں اور اس میں بہتری آئے۔ یہاں کوئی گڑ بڑ ہوتی ہے، آپ اس کو کیسے سیٹ کرتے ہیں، جب صوبائی اسمبلی میں بعض اوقات ہماری کوئی بات بن جاتی ہے تو ہمیں کیسے منایا جاتا ہے اور ہم بیٹھ کر ایک ہو جاتے ہیں اور اس طرح اسمبلی کو ہم جرگہ بنا لیتے ہیں۔ ہم اس کو جرگے سے تعبیر کرتے ہیں، اس لئے کہ ہم ایک دوسرے کو سمجھ جاتے ہیں، ایک دوسرے کو اپنی بات سمجھا دیتے ہیں۔ تو میں یہ نہیں سمجھتا کہ ملک کے یہ ہماری جو Cream، ہمارے یہ جو وڈیرے ہیں، جو پارٹیوں کے ہیڈز ہیں، یہ کیوں نہیں بیٹھتے، اس ملک کی خاطر کیوں نہیں بیٹھتے، اس صوبے کی خاطر کیوں نہیں بیٹھتے، آپس میں ایک ہو کر ایک دوسرے کو کیوں نہیں سمجھاتے؟ کس کو نہیں پتہ کہ کہاں کیا ہو رہا ہے، کس کو نہیں پتہ کہ یہاں اس گندگی کو کیسے ختم کیا جا سکتا ہے؟ ہر ایک کی اپنی ذمہ داری، اپنے پوائنٹ سکورنگ پر ابھی تک لگے ہوئے ہیں، جب گھر ہی نہ رہے تو گھر کے باسی کدھر رہیں گے؟ تو جناب سپیکر، میری آپ سے یہ ریکویسٹ ہے کہ اس کے متعلق بھی سوچیں، آپ مرکز میں اقتدار میں ہیں تو اس کے متعلق بھی آپ سوچیں۔ یہ تو خرچ ہوں گے، ملک ہوگا، صوبہ ہوگا تو بجٹ بھی آئیں گے، ضمنی بجٹ بھی آئیں گے، ہم تنقید بھی کریں گے، تعریف بھی کریں گے لیکن خدانخواستہ اگر ہم ایسے ہی سرد مہری سے چلتے رہے تو ایک وقت آئے گا کہ ہمارے گلے تک ہاتھ پہنچ جائے گا۔ اللہ ہم سب کا حامی و ناصر ہو، پاکستان پائندہ باد۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر</u>: شکریہ۔ سکندر خان شیرپاؤ صاحب۔

<u>جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ</u>: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ شکریہ جناب سپیکر، میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا، سپلیمنٹری بجٹ پہ بات کرنے کیلئے۔ جناب سپیکر، پچھلے کئی سالوں سے یہ ایک عجیب Trend شروع ہے، بجٹ کے ساتھ ضمنی بجٹ آنا ایک لازمی جز بن گیا ہے اور جناب سپیکر، اگر ہم

دیکھیں تو جس مقصد کیلئے بجٹ بنایا جاتا ہے، اپنے اخراجات کا تخمینہ لگایا جاتا ہے، اپنے ریونیوز کا تخمینہ لگایا جاتا ہے، اس کا سارا مقصد ہی سپلیمنٹری بجٹ سے Defeat ہو جاتا ہے۔ اگر ہم دیکھیں جناب سپیکر، آئین کے آرٹیکل 121 سے لیکر 123 تک Annual budget کیلئے Provisions رکھی گئی ہیں اور اس کے نیچے صوبائی حکومت بجٹ پیش کرتی ہے اور آرٹیکل 124 کے نیچے سپلیمنٹری بجٹ یا Excess budget کی Provision صرف اس وجہ سے رکھی گئی تھی کہ یہ اس ٹائم پہ یا اس موقع کیلئے ہو کہ جب ضرورت پڑے اور سال میں کوئی ایسا واقعہ ہوا ہو یا کوئی ایسی ناگزیر وجوہات ہوں جن کی بناء پر حکومت کو سپلیمنٹری بجٹ لانا پڑے یا Excess budget لانا پڑے تو اس کیلئے یہ Provision رکھی گئی تھی لیکن جناب سپیکر، ابھی اگر ہم دیکھیں تو Trend یہ بن گیا ہے کہ ہر سال سپلیمنٹری بجٹ پیش ہوتا ہے اور اس کا جو Actual مقصد تھا، وہ ضائع کیا جا رہا ہے۔ جناب سپیکر، اس سے یہ پتہ لگتا ہے کہ بجٹ بناتے وقت یا تو ہم صحیح طریقے سے اپنے تخمینوں کا صحیح اندازہ نہیں لگاتے، اپنے اخراجات کے تخمینوں کا صحیح اندازہ نہیں لگاتے یا پھر جناب سپیکر، یہاں کے Fiscal discipline کی وجہ سے آج یہ پچیس بلین کا سپلیمنٹری بجٹ پیش ہو رہا ہے۔ جناب سپیکر، یہ سلسلہ کب تک چلے گا اور اس کا کیا نتیجہ نکلے گا؟ آج اگر ہم دیکھیں، پچیس بلین کا یہ سپلیمنٹری بجٹ اگر ہم پچھلے سال کے Total out lay کے ساتھ Compare کریں اور Percentage wise دیکھیں تو یہ تقریباً Total out lay کا 12% بنتا ہے جناب سپیکر، 12% ٹوٹل بجٹ سے ہم نے Excess spending کی اور پھر جناب سپیکر، اس میں بھی اگر آپ دیکھیں، خاصکر آرٹیکل 124 کو اگر ہم دیکھیں تو وہاں پہ دو طریقے ہیں، اگر Spending زیادہ ہو گی یا کوئی نئے اخراجات آ جاتے ہیں تو اس کے لئے دو Provisions رکھی گئی ہیں، آرٹیکل 124 ہے:

"If in respect of any financial year it is found- (a) that the amount authorized to be expended for a particular service for that current financial year is insufficient, or that a need has arisen for expenditure upon some new service not included in the Annual Budget for that year; or (b) that any money has been spent on any service during a financial year in excess of the amount granted for that service for that year;"

جناب سپیکر، جب ہم دیکھیں کہ جو انہوں نے ہمیں اس پچیس بلین کی ڈیٹیل دی ہے تو اس میں یہ کہتے ہیں کہ ایک تو سیلاب کی وجہ سے، ٹھیک ہے وہ ہم مانتے ہیں That was an unavoidable and unforeseen situation اور اس پہ جو خرچ ہوا، ٹھیک ہے وہ ہم مانتے ہیں لیکن جناب سپیکر، جب ہم

سیلریز کی اور پنشن کی بات کرتے ہیں، فنانس منسٹر صاحب یہاں پہ موجود ہیں، اگر ہم پھر ان کی پچھلے بجٹ کی سپیچ اٹھائیں تو اسی سپیچ میں انہوں نے خود اعلان کیا تھا کہ ہم پچاس پرسنٹ تنخواہیں بڑھا رہے ہیں جو کہ فیڈرل گورنمنٹ نے کیا تھا اور اس کی انہوں نے تقلید کی تھی تو جب یہ اس وقت کی Provision کی بات کرتے ہیں تو آیا پھر اس وقت انہوں نے صحیح تخمینہ نہیں لگایا تھا؟ ساتھ ہی ساتھ مجھے یہ سمجھ نہیں آتی کہ اگر ہم بجٹ بکس کو دیکھیں تو ادھر Lump sum with the Finance Department ایک Provision یہ رکھتے ہیں اور اس میں اسی لئے ہی رکھتے ہیں کہ جو تنخواہیں یہ بڑھائیں گے یا پنشن بڑھائیں گے، ان کو اس اماؤنٹ سے یہ Cover کریں گے۔ آج پھر جب ہم سپلیمنٹری بجٹ کو دیکھتے ہیں تو یہ کہتے ہیں کہ نہیں ہم نے اس سے زیادہ خرچ کیا، تو ایک تو جناب سپیکر، میرا ایک یہ پوائنٹ ہے اور اس پہ میں آپ سے مدد بھی مانگوں گا، آپ سے ایک رولنگ مانگوں گا کہ جب ایک اماؤنٹ Fix کیا گیا تھا اور انہوں نے Excess میں اس اماؤنٹ سے خرچہ کیا تو آیا یہ سپلیمنٹری بجٹ کے ضمن میں آتا ہے یا پھر آئین کے مطابق ان کو Excess budget ادھر پیش کرنا چاہیئے اور ایک Excess budget statement جو ہے، وہ بھی اس ہاؤس کے سامنے Lay کرنی چاہیئے۔ جناب سپیکر، اگر ہم دیکھیں تو یہ Trend ٹھیک Trend نہیں ہے۔ جناب سپیکر، ایک طرف ہم کہتے ہیں کہ ہمارا صوبہ غریب صوبہ ہے اور اس کا زیادہ دارومدار فیڈرل گورنمنٹ کے اوپر ہے، اس لحاظ سے اگر ہم دیکھیں، ہماری اپنی جو Own receipts ہیں، وہ اس لحاظ سے اتنی نہیں ہیں کہ ہم اپنے اخراجات پورے کر سکیں۔ دوسری طرف پھر ہم دیکھیں کہ جب ہم اپنے اخراجات کو بھی پھر کنٹرول نہیں کر سکتے، یہ ہم Show کرتے ہیں کہ ہمارا صوبہ غریب صوبہ ہے، ہمارا صوبہ پسماندہ صوبہ ہے، ہمارے صوبے کے لوگ بڑی مشکلات سے گزر رہے ہیں اور دوسری طرف ہم حکومت کے اور اپنے اخراجات کو کنٹرول نہیں کر سکتے، اس کا جو تخمینہ ہم لگاتے ہیں، اس حد میں بھی ہم نہیں رہتے تو جناب سپیکر، ہم کیا Message دے رہے ہیں؟ جناب سپیکر، میں یہ درخواست کروں گا فنانس منسٹر صاحب سے کہ اس طرف توجہ دیں اور اپنے ڈیپارٹمنٹ کو اس طرف توجہ دینے کی ضرورت ہے کہ ہم ایک Realistic تخمینہ ہمیشہ لگائیں تاکہ اس میں نہ پڑیں کہ ہر سال ہمیں سپلیمنٹری بجٹ پیش کرنے پڑیں۔ ہاں اس دفعہ بھی جو بجٹ پیش ہوا ہے، ہمیں تو یہ خطرہ ہے کہ اگلے سال بھی شاید تیس، پینتیس یا چالیس بلین کا سپلیمنٹری بجٹ سامنے آ جائے تو جناب سپیکر، اس سے ہم کیا Message دیں گے؟ ایک طرف ہم یہ کہتے ہیں کہ ہم اپنے وسائل کو بڑھانے کیلئے لوگوں کے اوپر ٹیکس

بھی لگانا چاہتے ہیں، ہم یہ چاہتے ہیں کہ ہماری اپنے صوبے کی آمدنی بھی بڑھے لیکن دوسری جانب جن چیزوں کو کنٹرول کرنا ہے اور ہم کر سکتے ہیں، اس پہ ہمیں توجہ دینی چاہیئے۔ ابھی لودھی صاحب نے ڈیویلپمنٹ کی بات کی بجٹ میں اور خصوصاً امبریلا بجٹ پہ کہ ہم ایک سکیم بناتے ہیں اور اس کی پلاننگ کرتے ہیں اور اخراجات کا تخمینہ لگاتے ہیں، جس کی لاگت ایک ارب روپے ہو اور اس کیلئے ہم ایک کروڑ یا دو کروڑ روپے کی ایلوکیشن ایک سال کریں اور وہ ہم تین سال کے عرصے میں پوری نہ کریں اور اس کو ہم لمبا کریں گے تو جتنا اس کے اوپر ٹائم گزرے گا، Escalation کے ساتھ ، Inflation کے ساتھ اس سکیم کے اوپر ایک ارب کے بجائے ایک ارب دس کروڑ یا بیس کروڑ لگیں گے تو اس سے بھی اس صوبے کے وسائل ضائع ہوتے ہیں۔ جناب سپیکر، اس طرف ہمیں توجہ دینا پڑے گی اور جب تک ہم اپنا ایک Fiscal discipline پیدا نہیں کریں گے تو ہم یہ نہیں کر سکتے کہ ہم جا کے اور کسی سے مدد مانگیں اور کسی اور سے اپنے صوبے کیلئے فنڈز مانگیں۔ جناب سپیکر، میں ان باتوں پہ اپنی یہ تقریر ختم کرنا چاہتا ہوں کہ بات یہ ہے کہ مسئلہ ہے Political will کا اور Lack of vision کا، جس کو اگر آپ دیکھیں تو وہ نظر آتا ہے کہ پھر ہم اس طریقے سے نہ Fiscal discipline اپنا رکھ سکتے ہیں، نہ ہم اس لحاظ سے اپنے ٹارگٹس کو Achieve کر سکتے ہیں۔ جناب سپیکر، ہم اگر یہاں پہ آئے ہیں تو لوگوں کی نمائندگی کیلئے آئے ہیں، ان غریبوں، ان لاچار لوگوں کو یہاں پہ Represent کرنے آئے ہیں جن کا کوئی پوچھنے والا نہیں ہے، اگر ہم بھی یہاں پہ بیٹھ کر اپنے اخراجات بڑھاتے جائیں اور ان کے مسائل کی طرف اس لحاظ سے ہم توجہ نہ دیں تو جناب سپیکر، پھر ان کا کیا بنے گا، پھر اس اسمبلی کا فائدہ کیا رہے گا، پھر اس نظام کا فائدہ کیا رہے گا؟ جناب سپیکر، اس طرف توجہ دینے کی بہت ضرورت ہے، آجکل اگر مایوسی ہے لوگوں میں، آج اگر ہم عوام میں مایوسی دیکھتے ہیں تو وہ اسی وجہ سے ہے کہ ان کو نظر نہیں آرہا کہ حکومت کی طرف سے ان کے مسئلوں کی طرف، ان کی مشکلات کی طرف توجہ دی جا رہی ہے، بلکہ ان کو یہ لگتا ہے کہ ان ایوانوں میں بیٹھ کر حکومت اور اقتدار کے لوگ اپنے مزے لوٹ رہے ہیں لیکن ان لوگوں کے، جن کی وجہ سے، جن کے ووٹ کی وجہ سے ہم ادھر پہنچے ہیں، ان کے مسئلوں کی طرف توجہ نہیں دی جا رہی۔ بڑی مہربانی جناب سپیکر۔

Mr. Speaker: Thank you ji. The sitting is adjourned for twenty minutes for nimaz and tea break.

(اس مرحلہ پر اجلاس کی کارروائی بیس منٹ تک کیلئے ملتوی کر دی گئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب سپیکر: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب زیاد اکرم خان درانی صاحب۔ ملک قاسم خان خٹک صاحب۔ نصیر محمد خان میداد خیل صاحب۔ او د ریږه چه لسټ خو Exhaust شی کنه۔ مفتی صاحب۔ هله و صبر نه کوئ۔

جناب نصیر محمد خان میداد خیل: شکریه جناب سپیکر، نشته څه خبره۔

جناب سپیکر: مہربانی۔ مفتی کفایت اللہ صاحب۔

مفتی کفایت اللہ: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر صاحب، میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا ہے ضمنی بجٹ پر بات کرنے کیلئے۔ ہمارا سالانہ بجٹ دو کھرب اور 49 ارب کا ہے اور ضمنی بجٹ 25 ارب اور 36 کروڑ کا ہے۔ میں نے اس کا حساب لگایا ہے کہ یہ کل سالانہ بجٹ کا 1/10 بنتا ہے، یہ ہمارے مالی نظم وضبط کے اوپر ایک بہت بڑا سوالیہ نشان ہے اور ہمارا مالی نظم وضبط یہ بتا رہا ہے کہ ہم اس کو Manage نہیں کر سکے۔ ضمنی بجٹ کا آنا ضروری ہوتا ہے، اس میں کوئی شک نہیں لیکن ہمارے ماہرین ایک اندازہ لگاتے ہیں، پورے سال کیلئے ایک بجٹ طے کرتے ہیں اور بعض اوقات اندازہ سے کوئی چیز آگے بڑھ جاتی ہے تو پھر اس کیلئے ضمنی بجٹ کو لایا جاتا ہے اور یہاں میں ضمنی بجٹ کو جو دیکھتا ہوں تو مجھے یوں لگتا ہے کہ داڑھی سے مونچھیں بڑھ گئی ہیں۔ جناب سپیکر، اخراجات جاریہ میں 14 ارب روپے اور ترقیاتی اخراجات میں 11 ارب 22 کروڑ روپے، ضمنی بجٹ کو دیکھا جائے تو وہ ہے 12 کروڑ روپے، ٹھیک ہے جو انہوں نے B سیکشن کے اندر ذکر کیا ہے، وہ بالکل ٹھیک ہے اور اس کا بھی اعتراف ہے کہ سیلاب آیا ہے، کچھ اضافی خرچے ہوئے ہیں لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہمارے اس بجٹ کی طرف توجہ نہیں دی گئی، ایک بار پھر ہمارا بجٹ بیوروکریسی کے رحم وکرم پر ہے اور بیوروکریسی نے بھی اس پر بہت زیادہ توجہ نہیں کی، ایک کلرک کے رحم وکرم پر ہماری تقدیر آگئی ہے۔ اس کے اندر جناب سپیکر، میں آپ کو ایسے محکمے بتا سکتا ہوں جن کا وجود ہی نہیں ہے اور ان کیلئے بجٹ رکھا ہوا ہے۔ جب ہمیں محکموں کی تفصیل آتی ہے اور محکمہ ہوتا نہیں ہے، اس کیلئے ایک بجٹ رکھا جاتا ہے، یہ تو ایک عجیب سی بات ہو گئی۔ میں نے سالانہ بجٹ میں کہا تھا کہ مجھے بتایا جائے کہ ریسرچ اینڈ ڈیویلپمنٹ کونسا محکمہ ہے؟ لیکن جب جواب دے رہے تھے میرے فنانس منسٹر، تو انہوں نے اس کا جواب نہیں دیا۔ میں یہ باتیں اصلاح کیلئے عرض کر رہا ہوں اور مجھے امید ہے اپنے فنانس منسٹر سے کہ، میں نمبر سکور نہیں کروں گا، برائے مہربانی اپنی مالیات میں نظم بنائیں،

اس کو ٹھیک کر دیں تو مجھے امید ہے کہ یہ بہت سارے گلے ختم ہو جائیں گے۔ جناب سپیکر، ہاؤسنگ کے نام پر ہمارے پاس سالانہ بجٹ میں ایک محکمہ ہے، ہاؤسنگ کے نام پر سالانہ بجٹ میں ایک محکمہ ہے گرانٹ نمبر 41 پہ، اس کو پیسے دیئے گئے ہیں 18.7 ملین اور پھر اس کا ضمنی میں A سیکشن میں تو کچھ نہیں دیا گیا، یہاں C میں ایک لفظ ہے 'سپیشل پروگرام' اور میں سمجھتا ہوں یہ کالا کپڑا ہے 'سپیشل پروگرام' جو بہت سارے محکموں کو لپیٹتا ہے اور انہوں نے اس چیز کا وہاں ذکر کیا ہے جس کا ذکر وہ سپیشل پروگرام کے حوالے سے چھپانا چاہتے تھے تاکہ کوئی نہ دیکھے اور یوں گزر جائے۔ جناب سپیکر، کتنے افسوس کی بات ہے کہ سپیشل پروگرام کے صفحہ نمبر 303 میں Housing & Community کا لفظ بتایا گیا ہے، Housing & Community کا کوئی محکمہ موجود نہیں ہے اور پہلے کتنے دیئے ہیں؟ صفحہ 303 میں 167 ملین، صفحہ 309 میں 45 ملین، صفحہ 310 میں 20 ملین، 311 میں 954 ملین اور 315 میں 46 ملین، اس طرح یہ بن جاتے ہیں ایک ہزار 234 ملین۔ اب میں سمجھتا ہوں کہ اگر یہ بہت زیادہ ضروری محکمہ ہے جس کو ایک ہزار 234 ملین اس سال 30 جون تک کیلئے رکھے گئے ہیں تو پھر مجھے یہ بتادیا جائے کہ اگلے سال اس کی اہمیت ختم ہو جاتی ہے اور پھر 18 ملین پر آجاتے ہیں، اس سے بڑی بے ضابطگی اور کیا ہو گی جناب سپیکر؟ میں نے بہت محنت کی، میں نے اس کا فرق نکالا ہے، ضمنی اتنا بڑھ گیا ہے جس طرح مور ہے تو مور کی ایک چونچ ہوتی ہے باقی سب اس کی دم ہوتی ہے، تو انہوں نے سالانہ میں وہ چونچ کی طرح رکھے ہیں باقی ساری دم، وہ سپیشل پروگرام ضمنی بجٹ میں ہے اور دونوں میں فرق ہے ایک ہزار 215 ملین، ہم اگر آسان الفاظ میں کہہ دیں یہ فرق تو یہ ایک ارب 21 کروڑ اور 56 لاکھ روپے کا آتا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ اگر فنانس منسٹر صاحب جواب دیں گے میرے ایک طالب العلمانہ، معصومانہ سوال کا کہ اتنا بڑا فرق کیسے آگیا؟ جناب سپیکر، ہمارا ایک محکمہ ایگریکلچر بنیادی نوعیت کا محکمہ ہے، اس وقت وزیر موصوف تو موجود نہیں ہیں، اسے گرانٹ نمبر 18 میں سالانہ بجٹ کے اندر 965.8 ملین روپے دیئے ہیں، ضمنی میں ان کیلئے رکھے گئے ہیں 74.1، لیکن میں بہت زیادہ حیران ہوں کہ جب آپ صفحہ 293 میں دیکھیں سپیشل پروگرام کے تحت تو وہاں ان کو دیئے گئے ہیں 983.3 ملین، یعنی اس کے معنی یہ ہیں کہ سپیشل پروگرام میں ضمنی بجٹ سے بھی زیادہ رکھے گئے ہیں اور سالانہ بجٹ سے بھی زیادہ رکھے ہیں۔ اب میں حیران ہوں کہ یہ کس طرح کا حساب ہے، اسے یہ حساب کونسے سکول کے اندر پڑھایا گیا ہے اور کس طرح بتایا گیا ہے؟ یہ بات سمجھ میں نہیں آتی۔ جناب سپیکر، اس پر بھی میں افسوس کرتا ہوں، آپ کو یاد ہو گا کہ میں نے سالانہ

بجٹ میں کہا تھا کہ ریسرچ اینڈ ڈیویلپمنٹ کے نام سے کوئی محکمہ موجود نہیں ہے اور ہمارے ہاں اس ریسرچ اینڈ ڈیویلپمنٹ کیلئے سالانہ بجٹ رکھا گیا ہے 0.959 ملین اور جب ہم اس کی ڈیویلپمنٹ کو دیکھتے ہیں، Rural کے نام سے کبھی آتا ہے کبھی Urban کے نام سے آتا ہے تو اس کا حجم بہت بڑھ جاتا ہے اور ٹوٹل حجم اس کا بن گیا ہے 46472.9 ملین یعنی یہ ایک بجٹ کا بہت بڑا حصہ ہے اور ڈیویلپمنٹ کا نام ہے، اس کا نام تبدیل کر دیا جاتا ہے، کبھی اس کو ڈیویلپمنٹ اینڈ ریسرچ کہتے ہیں، اتنی بڑی رقم ہاؤس سے چھپانے کی کوشش کی جارہی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ اس میں یہ کامیاب نہیں ہوں گے۔ جناب سپیکر، ایریگیشن میں سالانہ بجٹ میں دو ہزار 340 ملین اور ضمنی میں دو ہزار 263 ملین، پھر اس کو دوبارہ یاد کیا گیا ہے سپیشل پروگرام میں، یعنی جب ایک دفعہ ضمنی میں اس کیلئے رقم رکھی گئی ہے تو وہ کافی تھی لیکن اس کے بعد سپیشل پروگرام میں 583 ملین روپے اور دیئے گئے، میں اس مالی بدنظمی پر افسوس کرتا ہوں اور اس کے میں دلائل ڈھونڈتا ہوں۔ جناب سپیکر، ہمارا ایک محکمہ ہے ریونیو اینڈ اسٹیٹ، سالانہ بجٹ میں اس کیلئے پیسے رکھے ہیں 709 ملین اور ضمنی میں رکھے ہیں 7145 ملین، میں حیران ہوں کہ ہمارے فنانس منسٹر صاحب نے کس طرح Manage کیا ہے کہ سالانہ کو کس طرح دیکھا ہے اور ضمنی کو کس طرح دیکھا ہے؟ ضمنی تو وہ جاری اخراجات ہوتے ہیں جن کو پورا کیا جاتا ہے 30 جون تک کیلئے، اب 30 جون تک اتنی بڑی رقم کو کس طرح Manage کریں گے؟ یہ سوال میرا وزیر خزانہ سے ہے اور مجھے امید ہے کہ انشاء اللہ وہ ہمیں مطمئن کریں گے۔ جناب سپیکر، اس طرح روڈ کے بارے میں بہت تفصیل ہے، میں ساری تفصیل تو نہیں بتاؤں گا لیکن میرے پاس جو میزانیہ ہے، وہ ہے 15276 ملین روپے، 15276 ملین کے معنی یہ ہیں کہ 15 ارب 27 کروڑ 7 لاکھ روپے اور یہ ایسا نہیں ہے کہ ورکس اینڈ سروسز کے پاس ہیں، نہ، وہاں نام تبدیل کر کے رکھے ہیں، کہیں لکھا ہے کنسٹرکشن اینڈ ورکس، کہیں لکھا ہے روڈز اینڈ ورکس، یعنی اس طرح کر کے اس کے نام کو تبدیل کیا ہے تاکہ ہمیں معلوم نہ ہو جائے کہ روڈز کیلئے اتنا زیادہ پیسہ رکھا ہوا ہے۔ جناب سپیکر، ہیلتھ سیکٹر میں بھی عجیب بات ہے، سالانہ گرانٹ نمبر 13 میں اس کیلئے مانگے تھے 7837 ملین اور ضمنی سیکشن A کے اندر اس کیلئے مانگے گئے ہیں 1058 ملین لیکن سپیشل پروگرام کیلئے اس کو ایک لمبی فہرست دی گئی ہے۔ سپیشل پروگرام صفحہ نمبر 304 پر 483 ملین، 305 پر چار ملین، 306 پر 201 ملین، صفحہ نمبر 307 پر 10 ملین اور صفحہ 308 پر یہ 48 ملین، اس طرح صرف سپیشل پروگرام کو اگر گن لیا جائے تو یہ 748 ملین روپے بنتے ہیں۔ اب سوال یہ ہے کہ آپ نے

سالانہ میں جو کچھ رکھا، یہ ٹھیک ہے، پھر ضمنی میں آپ کو ضرورت پڑی، یہ ٹھیک ہے تو سالانہ سپیشل پروگرام کے پردے کے نیچے 748 ملین روپے چھپانے کی کیا ضرورت تھی؟ جناب سپیکر، میں بہت زیادہ خوشی سے کہتا ہوں کہ ہمارے ہاں مردان میں عبدالولی خان یونیورسٹی قائم ہے۔ خان عبدالولی خان کا نام تو بہت محترم ہے، میری ایک تجویز ہے، اگر حکومت والے برا نہ منائیں کہ اس صوبے کے اندر جتنی بھی یونیورسٹیاں ہیں، ان کا نام تبدیل کر دیا جائے اور ان کا نام خان عبدالولی خان یونیورسٹی رکھا جائے اور چونکہ تجویز میں دے رہا ہوں نیک نیتی کے ساتھ، لہذا میں سمجھتا ہوں، میرا مشورہ یہ ہے کہ جب یہ نام آتا ہے، اس نام کی برکت اتنی زیادہ ہے کہ پیسے آجاتے ہیں اور جب یہ نام نہیں ہوتا تو پھر ہم برکت کے بغیر رہتے ہیں۔ میں اس پر تو خوش ہوں کہ مردان کے اندر ایک بہت بڑی یونیورسٹی میرے ایک رہبر کے نام پر بن رہی ہے لیکن مجھے وہ منطق بتادی جائے کہ ہزارہ یونیورسٹی کیوں خان عبدالولی خان کی نہیں ہے، کوہاٹ یونیورسٹی کیوں خان عبدالولی خان کی نہیں ہے، گومل یونیورسٹی کو اس نام سے کیوں محروم کیا جاتا ہے؟ پشاور یونیورسٹی اور اب تو ایچ ای سی کی تحلیل ہو جانے کے بعد یہ سارے اختیارات ہمارے پاس آ گئے، جب ہمارے پاس اختیارات آ گئے تو ہم یہ کریں گے، اس کے معنی یہ ہیں کہ پشتو میں کہا جاتا ہے کہ "خدا یہ ور نکرے"، یہ شعر بہت زیادہ بوجھل ہے، میں نہیں کہنا چاہتا لیکن میں اپنے بھائیوں کو سمجھانا چاہتا ہوں کہ یہ ساری یونیورسٹیاں آپ کی ہیں اور آپ ایک یونیورسٹی کو فوکس نہ کریں، آپ تمام یونیورسٹیز کو فوکس کریں اور انشاء اللہ یہ بچے بھی آپ کے ہیں، جو بچے وہاں پڑھتے ہیں اور جب بچے وہاں پڑھیں گے تو وہ آپ کا ہی فائدہ ہوگا۔ اس پورے صوبے میں تمام کے تمام لوگ پختون ہیں اور تمام لوگ خان عبدالولی خان کا احترام کرتے ہیں اور باچا خان کا احترام کرتے ہیں اور ہم بھی احترام کرتے ہیں۔ اب اگر اعداد و شمار کو دیکھ لیا جائے، میں کیوں یہ نام تجویز کرتا ہوں تمام یونیورسٹیوں پر؟ سالانہ سیریل نمبر 95 میں 800 ملین اس کی اسٹیبلشمنٹ کیلئے رکھے، یہ ٹھیک ہے لیکن جب ضمنی بجٹ آتا ہے تو پھر 606 ملین کا فرق آجاتا ہے، یہ بھی ٹھیک ہے لیکن جب سپیشل پروگرام آتا ہے اور اس کا صفحہ ہے 284، تو وہاں پر 'نان اے ڈی پی' کی طرف اسی یونیورسٹی کیلئے دوبارہ 272 ملین رکھے جاتے ہیں۔ میں Cheer کرتا ہوں، میں خوش ہوتا ہوں جب میں اس کو جمع کرتا ہوں تو یہ پیسے ایک ہزار 678 ملین روپے، ایک ارب 76 کروڑ 80 لاکھ روپے، اب اس پر میں کیا کہہ سکتا ہوں جناب سپیکر؟ میں یہ کہہ سکتا ہوں:

؎ اس سادگی پہ کون نہ مر جائے اے خدا لڑتے ہیں اور ہاتھ میں تلوار بھی نہیں

جناب سپیکر، میں اس مالی بے ضابطگی کے بارے میں عرض کر رہا تھا، ہمارے ہاں Rural کا ایک محکمہ ہے، بلدیات میں لیکن Rural اور Urban دونوں کو ملا کر کوئی Portfolio نہیں ہے، یہ محکمہ جس کا وجود نہیں ہے، اس کو سالانہ پروگرام میں 20 ہزار 748 ملین روپے دیئے گئے ہیں اور اس کا سیریل نمبر 51 ہے اور ضمنی میں سیریل نمبر 50 پر آپ جائیں تو اس کو پھر پیسے دیئے گئے 174 ملین اور جب سپیشل پروگرام کی باری آتی ہے تو وہاں پر بھی بہت زیادہ نوازشات آتی ہیں تو اس محکمے کو بھی نوازا گیا ہے 168 ملین روپے سے۔ اب وہ محکمہ جس کو میں نہیں جانتا اور تین سال تک میں نہیں جان سکا اور یہ چوتھا بجٹ ہے، اس کے بعد ایک بجٹ ہمیں اور ملے گا اور اس محکمے کے جو فنانس منسٹر ہیں، وہ بہت زیادہ اچھے آدمی ہیں، میں نے ان کو عذر بھی کیا ہے کہ ہماری مجبوری ہے کہ ہم یہ اعداد و شمار بتاتے ہیں ورنہ اگر یہ مجبوری نہ ہوتی تو ہم کہتے کہ بالکل ٹھیک ہے لیکن بالکل ٹھیک کہنے سے میرے خیال میں مسئلہ حل نہیں ہوگا۔ جناب سپیکر، ہمارے پاس ایک محکمہ ہے، بہت زیادہ معصوم محکمہ ہے جس میں ساری عبادتیں ہوتی ہیں، اوقاف۔ میں نے اس وقت بھی یہ گپ لگائی تھی کہ انہوں نے دینی مدارس کیلئے رکھا ہے 28 ملین روپے اور انہوں نے بینارٹیز کیلئے رکھے 63 ملین لیکن مجھے اس کی وجہ سمجھ میں آ گئی ہے، آج مجھے منسٹر صاحب نے سمجھایا ہے تو میں اس کو Appreciate کرتا ہوں، یہ ٹھیک کیا ہے۔ اگر یہ اور بھی دینا چاہتے ہیں میں Offer کرتا ہوں کہ وہ اپنے دینی مدارس میں جو 28 ملین روپیہ رکھا ہے، اس کو بھی بینارٹی میں تبدیل کیا جائے تو ہمیں انشاء اللہ کوئی اعتراض نہیں ہوگا لیکن میں حیران ہوں کہ یہ تو بہت زیادہ امیر محکمہ ہے، ایڈمنسٹریٹر آف اوقاف، یہ ہمارے صوبے کا امیر ترین ڈائریکٹریٹ ہوتا ہے، سب سے زیادہ امیر یہی ہے۔ جتنی ملکیت اراضی اس کے پاس ہے یہ کسی کے پاس نہیں ہے، یہ الگ بات ہے کہ وہ لوگوں نے قبضہ کی ہے اور قبضہ مافیا ہماری گورنمنٹ سے زیادہ تگڑا ہے لیکن وہی جو صاف آمدن ہے اور خرچ ہے اوقاف کا، اس کو Reflect نہیں کیا گیا اس کے اندر۔ سیکرٹریٹ کے پیسے تو آ گئے کہ سیکرٹریٹ کو اتنا پیسہ چاہیئے، ضمنی میں اتنا چاہیئے لیکن وہ جو اوقاف کے وہاں چارسدہ روڈ پر بیٹھنے والے لوگ ہیں، ان کے پیسے نہ آمدن میں ہیں نہ خرچ کے اندر ہیں۔ اب میں پوچھتا ہوں کیا یہ ایڈمنسٹریٹر آف اوقاف پنجاب کا محکمہ ہے، یہ سندھ کا محکمہ ہے، یہ بلوچستان کا محکمہ ہے، کیا مجبوری ہے کہ آپ اس کی آمدن نہیں بتاتے اور کیا مجبوری ہے کہ آپ اس کے اخراجات نہیں بتاتے؟ میرا یہ خیال ہے، قانون سازی کے اندر کمی ہے تو قانون سازی کی جائے اور اس کو Attach department کے طور پر ڈیکلیئر نہ کیا جائے بلکہ اس کو اوقاف ہی یعنی اوقاف ایک محکمہ ہے، اس میں

ایک سیکرٹری بیٹھتا ہے اور ڈپٹی سیکرٹری ہوتا ہے، اس پر ایک ڈائریکٹر جنرل ہوتا ہے، اس طرح اس کو ڈیل کیا جائے اور برائے مہربانی اوقاف کے اندر جو کچھ ہوتا ہے، مجھے اس کا علم نہیں ہے اور میرے معزز ممبران میں سے کوئی آدمی بھی یہ نہیں بتا سکے گا کہ اوقاف کی آمدن کیا ہے، اوقاف کا خرچ کیا ہے اور اوقاف کہاں کہاں خرچ کرتا ہے؟ اوقاف کے ہاں بہت بڑا مال ہوتا ہے، مسجد ہوتی ہے، مسجد اہم جگہ پر ہوتی ہے، پھر اس کے پاس اور بہت ساری دکانیں ہوتی ہیں، دکانوں کا خرچہ بھی یہ لیتے ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ ان کے پاس اتنی قیمتی زمین ہے کہ میں اس کا حساب نہیں دیکھ سکتا۔ میری یہ گزارش ہو گی کہ آج کے بعد اس کمزوری کو دور کر دیا جائے، وہ اس طرح دور کر دی جائے کہ وہ جو اوقاف کے اخراجات ہیں اور اس کی جو آمدن ہے، اس کو یا Reflect کیا جائے اور ہمارے معزز ممبران کو بھی بتایا جائے کہ اوقاف ہمارے صوبے کا محکمہ ہے۔ جناب سپیکر، کنسٹرکشن اینڈ ورکس، آپ کی توجہ چاہتا ہوں جناب سپیکر، یہ میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا کہ ہماری گورنمنٹ کی کیا مجبوری ہے کہ وہ غیر مانوس نام کے ڈیپارٹمنٹس لکھتے ہیں جو باہر موجود نہیں ہوتے، یہ بات تو سمجھ میں آتی ہے کہ وزراء زیادہ ہیں اور محکمے کم ہیں یا بعض وزراء کے پاس زیادہ سے زیادہ محکمے جمع ہو گئے ہیں، یہ بات تو سمجھ میں آتی ہے لیکن برائے مہربانی آپ کا تمام مالی نظام ان محکموں کے اندر نہیں سما جاتا جس کا بھی پتہ نہیں ہوتا کہ کس کے پاس ہے تو اس کیلئے اگر الگ محکمہ Create کرتے، آج یہ اگر بتا دیا جائے کہ کنسٹرکشن اینڈ ورکس، کمیونیکیشن اینڈ ورکس کی بات نہیں کر رہا جس کو سی اینڈ ڈبلیو کہتے ہیں، کنسٹرکشن اینڈ ورکس محکمہ کہاں ہے، کس کے پاس ہے، اس کا سیکرٹری کون ہے، یہ لوگ کہاں بیٹھتے ہیں؟ ہاں جناب سپیکر صاحب، ایک بات ہے، اللہ تعالیٰ نے دو قسم کی مخلوق بنائی ہے، ایک انسان ہیں اور ایک جن ہیں، یہ ہو سکتا ہے کہ انہوں نے یہ محکمہ جنات کو دیا ہو اور جنات والے ہمیں بتاتے نہ ہوں تو پھر کوئی بات نہیں۔ اگر یہاں پر میرے خیبر پختونخوا صوبے کے اندر یہ محکمہ ہے تو مجھے بتا دیا جائے اور یہ بتانے میں حرج کیا ہے؟ میں کوئی ایسا مطالبہ تو نہیں کر رہا جو ناجائز ہے، میں ایک جائز مطالبہ کر رہا ہوں، مجھے بتایا جائے اور یہ کس وزیر کے پاس ہے کہ جب میں کنسٹرکشن اینڈ ورکس میں کام لے کر جاؤں گا تو پھر کس وزیر کے پاس جاؤں گا؟ اور جناب سپیکر صاحب، وزیراعلیٰ صاحب کے تمام محکمے نامزد ہیں، اس کا باقاعدہ نوٹیفیکیشن ہوتا ہے اور Notify ہونے کے بغیر کوئی محکمہ وزیراعلیٰ کے پاس نہیں ہوتا۔ جناب سپیکر صاحب، اس محکمے میں سالانہ بجٹ کیلئے ایک ہزار 950 ملین، ضمنی بجٹ سیکشن A کے اندر 100 ملین اور سپیشل پروگرام میں 132 ملین۔ جب میں اس غیر موجود، نوزائیدہ، ابھی پیدا ہی نہیں ہوا،

اس بچے کی بات کرتا ہوں جو بچہ ابھی ماں کے پیٹ میں ہے، اس کے پاس کتنے پیسے ہیں؟ تو مجھے جواب دیا جاتا ہے دو ہزار 82 ملین روپے، یعنی یہ کہنا آسان ہو گا، آسان لعنت میں کہ دو ارب اور 8 کروڑ اور 20 لاکھ روپے ایسے محکمے کو دیئے گئے ہیں جس محکمہ کا صوبہ خیبر پختونخوا کے اندر کوئی وجود نہیں ہے۔ اگر یہ محکمہ موجود ہوتا ہے تو میں انشاء اللہ خوش بھی ہوں گا، میں آپ کو بہت زیادہ Appreciate بھی کروں گا اور میں سمجھوں گا کہ میں نے ایک رونا رویا تھا، میں نے ایک درخواست کی تھی اور میرے ساتھی نے اس درخواست کو مان لیا ہے۔ جناب سپیکر، ڈسٹرکٹ سیلری ہے، مجھے نہیں اندازہ، ہمیں پتہ نہیں ہوتا ہمارے پاس کتنے ملازمین ہیں اور ان ملازمین کی تنخواہیں کتنی ہیں؟ ہمیں معلوم نہیں ہوتا کہ پندرہ فیصد اضافہ ہو گیا ہے، اضافے کے بعد بجٹ کا حجم کیا ہو گا؟ یہ تو میں مانتا ہوں کہ سالانہ بجٹ میں ڈسٹرکٹ سیلریز آتی ہیں تو اس کو آنا بھی چاہیئے اور میں بشیر احمد بلور خان کی اس بات سے اتفاق رکھتا ہوں کہ جب یہ تمام محکموں کو اضلاع میں تقسیم کر دیا گیا، Devolve کیا گیا، اس کے بعد ایسا ہوا ہے کہ ان کے بجٹ کا حجم ذرا بڑا ہو گیا ہے اس لئے کہ تمام پیسے ان کی طرف منتقل ہو گئے ہیں لیکن یہ بات سمجھ میں نہیں آتی کہ آپ ضمنی میں ان کیلئے اتنا بڑا بجٹ رکھتے ہیں؟ اس کے معنی یہ ہیں کہ آپ کا حساب ٹھیک نہیں ہے یا پھر آپ کا اندازہ ٹھیک نہیں ہے یا پھر وہ آدمی جو بجٹ بناتا ہے اور وہ ڈسٹرکٹ سیلریز تجویز کرتا ہے، وہ آدمی نالائق ہے۔ ڈسٹرکٹ سیلریز ایک نئی پیدا ہونے والی چیز نہیں ہے، ڈسٹرکٹ سیلریز کوئی زلزلہ نہیں ہے کہ اچانک آ گیا، ڈسٹرکٹ سیلریز کوئی سیلاب نہیں ہے کہ اچانک آ گیا اور اس پر محنت کرنے کیلئے ہماری پریشانی پیدا ہو گئی ہے، ڈسٹرکٹ سیلریز پہلے سے طے شدہ پروگرام ہے، لوگوں کو معلوم ہوتا ہے کہ اتنی ڈسٹرکٹ سیلری ہے لیکن میں Further حیران ہوتا ہوں جب میں یہ دیکھتا ہوں کہ اس کے اندر اضافہ کیا گیا اور بالکل یہی تقریر میں Fit کرنا چاہتا ہوں پنشن پر بھی، پنشن بھی معلوم ہے، اس میں اضافہ ہوتا ہے تو اضافہ بھی معلوم ہوتا ہے لیکن پنشن کا سالانہ بجٹ میں ہمیں کہا جاتا ہے کہ 16 ہزار ملین ہے، ضمنی بجٹ میں آپ کو ایک ہزار ملین کی دوبارہ ضرورت کیوں محسوس ہو گئی؟ میں سمجھتا ہوں، ہمارا صوبہ مالیاتی عدم استحکام کی طرف جا رہا ہے، ہمارا صوبہ مالیاتی بے ضابطگیوں کی طرف جا رہا ہے، میں منسٹر آف فنانس سے گزارش کروں گا کہ برائے مہربانی میں ہوائی باتیں نہیں کرتا، میں شکایت کرتا ہوں تمام ممبران سے کہ آپ To the point بات کریں، اس کیلئے وقت بھی ہوتا ہے اس کو سنا بھی جاتا ہے، یہ تجویز بھی ہوتی ہے اس کی اصلاح کیلئے، اس کو لیا جاتا ہے لیکن میں کیا کہہ سکتا ہوں؟ میں اتنا ہی کہہ سکتا ہوں کہ:

ے آپ خود اپنی اداؤں پر ذرا غور کریں ہم اگر عرض کریں گے تو شکایت ہو گی

جناب سپیکر: شکریہ جی۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر! مجھے اندازہ ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: بس مفتی صاحب! دا ضمنی بجٹ دے ، بس دے ۔

مفتی کفایت اللہ: میں سر، لپیٹتا ہوں اس کو۔

جناب سپیکر: پہ هغه لوئے بجټ د شه نه وئیل او اوس په دے ور کوټی بجټ لګیا یے ۔

مفتی کفایت اللہ: مجھے اندازہ ہے کہ آپ مجھے بس بھی نہیں کہیں گے جناب، اب میں اس کو سمیٹتا ہوں اور میں سمیٹتے وقت یہ بات کروں گا کہ ہمارے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: چه دے نورو ملګرو ته هم ټائم ورکړو کنه جی۔

مفتی کفایت اللہ: ہاں۔ ہمارے بھائی بشیر بلور صاحب نے ایک جملہ کہا ہے، پتہ نہیں کیسا جملہ کہہ دیا، پورے ملک کے اندر ہنگامہ اٹھ گیا۔ اب یہ جملہ تو ایسا اخبار میں آیا ہے اور ان کی جو وضاحت ہے وہ 'عذر گناہ بدتر از گناہ' ، وضاحت سمجھ میں نہیں آتی، وضاحت آ جاتی ہے کوئی بات نہیں۔ حاجی غلام احمد بلور قومی اسمبلی میں ہوتے ہیں، الیاس بلور سینیٹر ہیں ہمارے، یہ سب ہمارے بھائی ہیں، ہمارے کوئی نئے لوگ تو نہیں ہیں، دیکھے بھالے لوگ ہیں، اب ان کیلئے مشکل ہے کہ وہ قومی اسمبلی میں کس طرح Defend کریں اور سینٹ میں کس طرح Defend کریں؟ ماشاء اللہ یہ سیاسی لوگ تو ہیں، اب بحث یہاں سے ہوتی ہے، وہ میرا Colleague ہے اور وہ یہ کہہ رہا ہے، خاک بہ دہن میرا یہ ارادہ نہیں ہے، وہ نمازی آدمی ہیں، مذہبی آدمی ہیں اور اس کا خاندانی مذہبی پس منظر بھی مجھے معلوم ہے لیکن اس کا کیا ترجمہ کیا جائے گا کہ اللہ اکبر کا دور ختم ہو گیا ہے؟ جناب سپیکر، اللہ اکبر کو مقابلے میں نہ لایا جائے سائنس اور ٹیکنالوجی کے، اور اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا نمائندہ ہر ایک آدمی کے پاس موجود ہوتا ہے، یہ جو ہم ذہین ہوتے ہیں، ہم قابل ہوتے ہیں، سائنس میں کام کرتے ہیں، یہ اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی ذہانت کو استعمال کرتے ہیں اور جب ہم ترقی کرتے ہیں تو یہ اللہ کے خلاف نہیں جاتا، یہ اللہ اکبر کے عین مطابق ہوتا تھا۔ اب کوئی آدمی اگر یہ سمجھتا ہے کہ اب مادے کا دور آ گیا ہے، روحانیت ختم ہو گئی ہے، سبب کا دور آ گیا ہے، مسبب الاسباب ختم ہو گیا ہے اور اب ہم اللہ تعالیٰ کی مدد سے بے نیاز ہو گئے ہیں تو میں آج فلور پر کہتا ہوں کہ ہم اللہ تعالیٰ کی مدد سے بے نیاز نہیں ہیں، ہم ہر چھوٹے اور بڑے کام میں اللہ تعالیٰ کیلئے بہت زیادہ نیاز رکھتے ہیں، بہت حاجتمند ہیں۔ آج اگر یہ

دیدہ دلیری نہیں ہوئی ہوگی، یہ سمجھ کر ایسا نہیں ہوا ہوگا لیکن آج اس بات کو کلیئر ہونا چاہیئے کہ ہمارا صوبہ تمام صوبوں کے مقابلے میں زیادہ مذہبی ہے، ہم اللہ پر زیادہ ایمان رکھتے ہیں، ہمارے بارے میں یہ نہ کہا جائے کہ اللہ اکبر کا دور ختم ہو گیا ہے، اللہ اکبر کا دور کل بھی تھا اور اللہ اکبر کا دور آج جب اے این پی کی حکومت ہے تو بھی ہے اور آنے والی حکومت میں بھی اللہ اکبر کا دور ہوگا۔ اللہ سب سے بڑا ہے اور اللہ سے بڑا کوئی نہیں ہے۔ میں اپنے جذبات کا اس لئے اظہار کرتا ہوں کہ کل اس پر بحث بھی ہوگئی جناب سپیکر، اور وضاحت بھی ہوگئی، اس کے بعد مجھے بہت سارے فون آئے، Messagesآئے کہ بشیر خان بلور نے یہ کیا کہہ دیا ہے؟ لہذا آج ان کو موقع ملنا چاہیئے کہ وہ جواب دیں اور میں بتا دینا چاہتا ہوں کہ اللہ اکبر، اللہ بہت بڑا ہے، یہ ہمارے بچے بچے کا یقین ہے، یہ تکبیر کا نعرہ آج اس پوری اسمبلی میں بلند کرنا ہے تاکہ لوگ یہ کہیں کہ اللہ اکبر سے ہم بے نیاز نہیں ہیں۔

لگاتا تھا تو جب نعرہ تو خیبر توڑ دیتا تھا
لگاتا تھا تو جب نعرہ تو خیبر توڑ دیتا تھا
حکم دیتا سمندر کو تو رستہ چھوڑ دیتا تھا

میں ایک بار نعرہ تکبیر کہوں گا اور تمام لوگ اللہ اکبر کہہ دیں تاکہ ہماری یہ وضاحت ہو جائے۔ نعرہ تکبیر۔

آوازیں: اللہ اکبر۔

مفتی کفایت اللہ: ذرا اونچی آواز میں، نعرہ تکبیر۔

آوازیں: اللہ اکبر۔

مفتی کفایت اللہ: نعرہ تکبیر۔

آوازیں: اللہ اکبر۔

مفتی کفایت اللہ: جزاکم اللہ خیر۔ جناب سپیکر، بہت زیادہ مہربانی، آپ نے مجھے بہت صبر و تحمل سے سنا۔ و آخِرُ الدَعَوَانا أَنِ ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلْعَـٰلَمِينَ۔

جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر (بلدیات)}: جناب سپیکر، مفتی صاحب خبرے اوکړے نو زه لږ وضاحت۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی بشیر بلور صاحب۔

<u>سینیئر وزیر (بلدیات)</u>: میں شکر گزار ہوں مفتی صاحب کا، میرے خیال میں کل فلور آف دی ہاؤس پہ میں نے بات بھی کی تھی، شاید یہ موجود نہیں تھے اور میں نے Explain بھی کیا تھا اور میں تو کہتا ہوں کہ وہ آدمی مسلمان ہی نہیں ہے، اللہ اکبر کا مطلب ہے اللہ سب سے بڑا ہے تو کون کہہ سکتا ہے کہ اللہ سب سے بڑا نہیں ہے؟ تو اس بات کو اس طریقے سے، ماحول بنا کر اس طریقے سے بات کرنا، اللہ کا شکر ہے ہم دعوے سے کہتے ہیں کہ ہم سب سے زیادہ مسلمان ہیں، پختون قوم ساری من حیث القوم مسلمان ہے تو مہربانی کر کے اس بات کو ایک دم اتنا، سینٹ میں بھی جواب دے دیا گیا ہے، قومی اسمبلی میں بھی جواب دے دیا، اب پرائم منسٹر سے بھی کوسچن ہوا، انہوں نے بھی جواب دیدیا ہے، تو میں یہ کہتا ہوں کہ میں نے تو Explain کیا ہے اور اگر آپ کو پھر بھی کوئی غلط فہمی ہے تو میں پھر بھی Explain کرتا ہوں کہ خدا کی ذات سے بڑی ذات نہ کوئی پہلے تھی، نہ کوئی ہے اور نہ ہو گی۔ خدا کی بڑی ذات ہے۔۔۔۔۔

(تالیاں)

<u>سینیئر وزیر (بلدیات)</u>: تو ویسے ایک بات کو کوئی بار بار، اس میں ایسی کوئی بڑی بات نہیں ہے، اللہ کا شکر ہے ہم سب سے زیادہ اچھے مسلمان ہیں۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب۔

<u>سردار اورنگزیب نلوٹھا</u>: شکریہ جناب سپیکر صاحب، میں مشکور ہوں آپ کا کہ آپ نے مجھے ضمنی بجٹ پر بولنے کی اجازت دی۔ جناب سپیکر صاحب، میں یہ سمجھتا ہوں کہ جو ضمنی بجٹ وزیر خزانہ صاحب نے پیش کیا ہے تو پہلے بھی ہم نے سالانہ بجٹ پر جو تجاویز دی ہیں، اگر ان پر عمل درآمد کیا جاتا تو شاید آج بھی میں کوئی تجویز دینا بہتر سمجھتا۔ بس اتنی سی میں گزارش کروں گا حکومت سے کہ ساڑھے تین سال غالباً پورے ہو گئے ہیں اور یہ حکومتیں بار بار نہیں ملتیں، صوبے کے عوام سخت پریشانی میں مبتلا ہیں، مشکلات میں پھنسے ہوئے ہیں، یہ گزارش کروں گا حکومت سے کہ یہ جو تھوڑا سا وقت رہتا ہے، اگر آپ صوبے کے عوام کی بہتری چاہتے ہیں تو کچھ اصلاحات لائیں، ان کو مشکلات سے نکالیں۔ لوڈ شیڈنگ، مہنگائی، بے روزگاری اور کیا کیا عذاب عوام پر نازل ہو چکے ہیں۔ بس آپ سے یہ گزارش کروں گا، ایک بات جو ابھی ضمنی بجٹ میں پنشن اور ضلعی حکومتوں کی تنخواہوں کے حوالے سے ہے، یہ جب ایک دفعہ وزیر خزانہ صاحب نے سالانہ بجٹ پیش کیا تھا تو اس میں انہوں نے وضاحت کی تھی کہ تنخواہوں میں پچاس فیصد اضافہ اور پھر پنشن میں، تو یہ دوبارہ ضمنی بجٹ میں میرے خیال کے مطابق آنا مناسب نہیں تھا۔ البتہ جو

سیلاب، جونہی ہم پچھلے سال بجٹ سے فارغ ہوئے، بجٹ پاس ہوا اور جولائی میں ایک سخت قسم کا عذاب، سیلاب ہمارے صوبے میں آیا جس سے پورے صوبے میں تباہی آئی اور ساری چیزیں تباہ ہوئیں، اس میں ضروری تھا کہ جو انہوں نے پیسے رکھے یا رکھنا چاہیئے تھے، میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کی مجبوری تھی، بہر حال میں اتنی گزارش کروں گا، میں زیادہ ٹائم نہیں لوں گا، وزیر خزانہ صاحب سے بھی اور حکومت سے بھی کہ یہ جو تھوڑا سا وقت آپ کے پاس رہتا ہے، یہ حکومتیں بار بار نہیں ملتیں، اللہ تعالیٰ نے آپ کو یہ موقع فراہم کیا ہے تو صوبہ خیبر پختونخوا کے عوام کے حالات پر ترس کھائیں، اس کا اجر بھی اللہ تعالیٰ آپ کو دے گا اور شاید میں یہ سمجھتا ہوں کہ عوام ایک اس طرح بے بس اور لاچاری اپنے آپ میں محسوس کر رہے ہیں جیسے بالکل ان کے دکھوں کا مداوا کسی کے پاس نہیں ہے اور اگر اسی طرح یہ سسٹم چلتا رہا تو لوگوں کا اعتماد جمہوریت سے بھی اٹھ جائے گا جس طرح آمریت سے اٹھا ہے، تو سب سے زیادہ جو اس صوبے کے اندر ہے جناب سپیکر صاحب، روزانہ لوڈ شیڈنگ اور یہ جو دہشت گردی ہے، خدارا اس کا کوئی حل نکالیں، میں نے اس دن بھی درخواست کی تھی حکومت سے کہ جنرل مشرف کی پالیسیوں کو چھوڑ دے، کوئی جمہوری انداز سے آپ اس پہ بیٹھ کر تمام سیاستدان، حکومتی ذمہ دار لوگ ان پالیسیوں میں تبدیلی لائیں تاکہ کچھ عوام کو سہولت مل سکے۔ بڑی مہربانی، شکریہ۔

<u>جناب سپیکر</u>: مولوی عبیداللہ صاحب۔

<u>مولوی عبیداللہ</u>: الحمدللہ الذی ھدانا علی الصراط المستقیم ۔ والصلوۃ علی من اشرف الانبیاء والمرسلین۔ بڑی مہربانی سپیکر صاحب، کہ بولنے کیلئے موقع دیا ورنہ ہم صم بکم تھے، نہ کٹوتی پہ کوئی بول سکے اور نہ کچھ اور پہ، آپ کی مہربانی سے ابھی بول رہا ہوں میں۔ یہ بجٹ بھی پاس ہو کر ختم ہوا اللہ کے فضل سے اور ضمنی بجٹ پہ بحث ہو رہی ہے۔ ہمارے بعض اصحاب اور ساتھی ضمنی بجٹ پہ کچھ اعتراضات بھی کر رہے ہیں کہ یہ کیوں ہو رہا ہے، ضمنی بجٹ کیوں پیش کیا جا رہا ہے؟ ان سے میری عرض یہ ہے، انسان جو چیز بناتا ہے تو ظاہر بات ہے کہ اس میں کچھ کمی زیادتی رہ جاتی ہے، جس میں کمی نہ رہے وہ تو اللہ کی ذات ہے کہ وہ صبح شام اپنے پروگرام کو چلا دیتا ہے، انسان کی جو بنائی چیزیں ہیں، ان میں آگے پیچھے ہو جاتا ہے، اس طرح ہمیں یقین کرنا چاہیئے کہ اتنے بڑے پی اینڈ ڈی اور اتنے بڑے خزانے کے جو افسر ہیں اور کوالیفائیڈ لوگ ہیں، ان پر ہمارا یہ اعتماد ہونا چاہیئے کہ انہوں نے اپنی بساط سے اچھا بجٹ بنایا ہے اور صحیح بجٹ بنایا ہے۔ جناب والا، عرض کرنے کے اندر میرا مقصد یہ کہ یہ بجٹ جو بنا ہے،

یہاں سے کسی مزدور کے ذریعے میں نے اٹھواکے اپنی موٹر میں لے گیا، اتنا بڑا ایک مواد تھا، تو اس میں دو ہی باتیں ہیں: یہ نظام معیشت، ٹیکنیکل باتیں بڑے لوگ بیٹھے ہیں انہوں نے بنائی ہیں، کتابیں پڑی ہیں، ہم اس میں یہ دیکھیں گے لیکن جس بنیاد پر بجٹ بنایا گیا ہے، بحیثیت مسلمان قوم، بحیثیت ایک مسلم قوم ہمیں اپنی معیشت کو اسی ڈگر پر چلانا چاہیئے جو کہ بحیثیت مسلمان ہمیں نظام معیشت مل گیا ہے۔ ہماری معیشت جو اچھی نہیں ہو رہی ہے، ہم ہمیشہ خسارے کی طرف جا رہے ہیں، وہ اس لئے جا رہے ہیں کہ ہم جس ڈگر کیلئے، انک لعلی خلق عظیم، جس آدمی نے ہمیں جو معیشت کا نظام دیا ہوا ہے، ہم اس سے ہٹ کر کسی اور راستے پر جا رہے ہیں، خدا فرماتا ہے "وما اتا کم الرسول فخذوہ، وما اتاکم عنہ فانتھوا" یہی ہے وہ راستہ جو کہ ہمارے لئے ایک مکمل نظام حیات ہے جس میں معیشت کا نظام سرفہرست ہے۔ اس ہستی نے نظام معیشت سود / رباء کے بغیر دیا ہوا ہے اور وما اتاکم الرسول فخذوہ میں یہی ہے کہ "حرم الرباء" خدا فرماتا ہے کہ معیشت میں رباء کی جو پوزیشن ہے، جو رباء کا سبجیکٹ ہے، وہ خدا نے حرام فرمایا ہے اور خدا نے اس معیشت کو ہمیں Follow کرنے کیلئے کہا ہے جو نظام رسول اللہ ﷺ نے بنادیا ہے، اس نظام کو چلایا ہے اور دنیا میں چلا کر دکھایا ہے، تو ہم اپنے اس نظام کی جس خرابی کی طرف جا رہے ہیں، جہاں تک میں سمجھتا ہوں اسی نظام میں یہ وہی خرابی ہے جس کو ہم رباء کہتے ہیں، جب تک یہ خرابی ہم اپنی معیشت سے دور نہیں کریں گے تو وہ یہ خسارہ اور بے عزتی اور یہ کاسہ لیسی اور یہ کشتی پھرانا، دنیا سے سوال کرنا، یہ ہمیشہ کیلئے رہے گا۔ دوسری بات یہ ہے جناب والا، ہماری اپوزیشن پارٹیوں نے کئی دفعہ واک آؤٹ کر دیا، باہر نکل گئیں، افسوس کی بات یہ ہے کہ کسی اسلامی نکتے پر انہوں نے واک آؤٹ نہیں کیا، یا سکول کے بارے میں واک آؤٹ کر دیا یا سڑک کے بارے میں واک آؤٹ کیا جبکہ یہی پارٹیاں خدا کی زمین پر خدا کا نظام لانے کیلئے ووٹ لیکر آئی ہیں لیکن یہاں پر ہمارے اسی نظام میں کسی نے کوئی ایسی تجویز پیش نہیں کی، مجھے حیرانگی ہے کہ یہ نظام معیشت جو سود کے ڈگر پہ جا رہا ہے، اس پر تو کوئی واک آؤٹ کرنے کیلئے تیار نہیں ہے اور سکول اور سڑک وغیرہ وغیرہ چیزوں کیلئے واک آؤٹ کر رہے ہیں۔ بس میں غصہ بھی کر لیتا ہوں، جب تک یہ نظام حیات ہمارا اس نظام سے مطابقت نہیں رکھتا ہے جو کہ وہاں رسول ﷺ نے ہمیں دیا ہے، اس وقت تک ہم رسوا ہوتے جائیں گے، اس وقت تک ہم خسارے میں چلتے جائیں گے، اس وقت تک ہماری اصلاح نہیں ہو گی اور پریشانی ہماری آ جائے گی۔ جو باہر سے لوگ آتے ہیں، یہ خودکشیاں ہو رہی ہیں، ڈرون حملے ہو رہے ہیں اور یہ ہم ذلیل و خوار زندگی بسر

کر رہے ہیں، یہ وہی ہے جو کہ اسی نظام کے تحت ہم نہیں چل رہے ہیں اور یہ میرا دعویٰ ہے، خدا فرماتا ہے کہ جب تک آپ اسی نظام میں نہیں چلیں گے جو کہ رسول اللہ ﷺ کے ذریعے سے خدا نے ہمارے لئے مہیا کیا ہے تو اس وقت تک ہم رسوا اور ذلیل ہوتے جائیں گے۔ وآخِرُ الدَعْوَانا أَنِ ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلْعَـٰلَمِينَ۔

جناب سپیکر: جی، لیاقت شباب صاحب۔

## قاعدہ کا معطل کیا جانا

جناب لیاقت علی شباب (وزیر برائے آبکاری و محاصل): زه ریکویسټ کوم جی چه د رولز 240 لاندے دا کارروائی د سسپنډ کړے شی چه دا یو ریزولیوشن دے زما د طرف نه او آنریبل سینیئر منسټر جناب حاجی بشیر بلور صاحب د طرف نه او قابل احترام زمونږ د اپوزیشن ورور چه دے مفتی کفایت اللّٰه صاحب د طرف نه پیش کومه جی۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that rule 124 may be relaxed under rule 240, to allow the honorable Ministers / Members to move their resolution? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it; the honorable Ministers and Members are allowed to please move their resolution.

## قرارداد

Minister (Excise and Taxation): Thank you, Janab Speaker. This House unanimously resolves and strongly condemns the derogative and unethical statement given by the Punjab Law Minister, Rana Sana Ullah against the honorable Member of the Senate, Senator Dr. Babar Awan, and has also given fathwa in his statement that Dr. Babar Awan is liable to be murdered. This august House demands of the government of the Punjab that Rana Sana Ullah should be immediately removed from his office and disciplinary action should be taken against him and if any incident occurred with Dr. Baber Awan, Rana Sana ullah and government of the Punjab will be responsible and accountable for that act-----

(شور)

دا هاؤس ته Put کومه او زه ریکویسټ کومه چه دا ریزولیوش د پاس شی جی۔

(شور)

جناب محمد جاوید عباسی: یہ تھوڑا سا انتظار کر لیں، اس پر ہم بات کریں گے کیونکہ ۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں ہاؤس نے اجازت دی ہے تو ہاؤس کی اجازت کو آپ کیا چیلنج کر سکتے ہیں؟

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر ۔۔۔۔

جناب سپیکر: تو آپ 'ناں' کرتے تو آپ لوگوں نے کیوں 'ناں' نہیں کیا؟

جناب محمد جاوید عباسی: ہمیں بات کرنے کی اجازت دیں جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: یہ ریزولیوشن کس کس نے؟ یہ ریزولیوشن بشیر بلور صاحب، مفتی کفایت اللہ اور لیاقت شباب صاحب اور یہ اور دستخط کس کے ہیں؟ ان کی طرف سے ہے تو جائنٹ ریزولیوش، One by one موو ہو گئی ہے؟ مفتی صاحب! آپ کی طرف سے بھی ۔۔۔۔

(شور)

مفتی کفایت اللہ: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ This House unanimously resolves ۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: مفتی کفایت اللہ صاحب۔

مفتی کفایت اللہ: ایک وضاحت کرنا چاہتا ہوں کہ یہ ہمارے مسلم لیگ نون کے بھائی ہیں، (شور) آپ بات کر لیں، اس کے بعد بات کر لیں، بات کر لیں، (شور) رانا ثناء اللہ صاحب کے آفس ۔۔۔۔ (شور)

جناب سپیکر: نہیں وہ ریزولیوشن موو کر لیتے ہیں، پھر آپ اس پہ بات کریں۔ یہ اس طرح شور مچانے سے کیا بنے گا؟ ہاؤس کو قائل کر لیں، (شور) ٹھیک ہے، آپ بیٹھ جائیں۔

Mufti Kifayatullah: Janab Speaker! This House unanimously resolves and strongly condemns the unethical statement given by the Punjab Law Minister Rana Sana Ullah against the honorable Member of the Senate, Senator Dr. Babar Awan, and has also given Fathwa in his statement that Dr. Babar Awan is liable to be murdered. This august House demands of the government of Punjab that Rana Sana Ullah should be immediately removed from his office and disciplinary action should be taken against him and if any incident occurred with Dr Baber Awan, Rana Sana Ullah and

the government of the Punjab will be responsible and accountable for that act.

جناب سپیکر! میں ایک دو منٹ بات کرنا چاہتا ہوں، اس پر اختصار کے ساتھ۔ جناب سپیکر، فتویٰ کا عمل جو ہے یہ بہت زیادہ مقدس عمل ہے اور ہر ایک آدمی کو کسی کو واجب القتل قرار دینے کا اختیار اور اجازت نہیں دی جا سکتی۔ میں چیزوں کو پارٹی سے بالا بالا دیکھتا ہوں، جب اللہ تعالیٰ نے مجھے دین کا علم دیا ہے تو مجھے یہ بتانا چاہیئے کہ کونسی بات ٹھیک ہے اور کونسی بات ٹھیک نہیں ہے؟ ابھی مولانا عبید اللہ صاحب نے بات کی ہے تو ہم نے تو یہاں سود کے خلاف ایک بہت بڑی تحریک چلائی تھی اور اس وقت پتہ نہیں کہ مولانا صاحب کدھر تھے؟ اس وقت بھی ہم نے یہ کہا تھا کہ ہم علماء ہیں، ہمیں حق بات کو نہیں چھپانا چاہیئے۔ اس میں مسلم لیگ نون کو Condemn کرنا ٹھیک نہیں ہو گا لیکن میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ ہمارے ملک میں سیاست دو طرح کی ہوتی ہے، ایک سیکولر سیاست ہے اور ایک مذہبی سیاست ہے تو کیا مذہبی سیاست کرنے والے فتویٰ اٹھائیں اور یہ کہیں کہ جو سیکولر سیاست کرتے ہیں، وہ خدانخواستہ اسلام سے خارج ہیں؟ پھر یہ فتویٰ کہاں تک جائے گا؟ پھر ہمارے ہاں چھوٹی چھوٹی ڈیڑھ اینٹ کی مسجدیں ہیں اور ان ڈیڑھ اینٹ کی مسجدوں میں ہر ایک آدمی دوسرے کو کافر کہتا ہے، سنی کہتا ہے شیعہ کافر ہے، بریلوی کہتا ہے دیوبندی کافر ہے، دیوبندی کہتا ہے بریلوی، اگر اس طرح کے لوگوں کو ہم فروغ دیں گے تو پھر تو مسلمان کوئی بھی نہیں رہے گا۔ میں ایک بات کہتا ہوں کہ اگر رانا ثناء اللہ اٹھ کر بابر اعوان پر حملہ کریں، یہ تو ٹھیک نہیں ہو گا لیکن فتوے کی رو سے کم از کم یہ اس سے کم بات ہو گی لیکن رانا ثناء اللہ یہ کہے کہ وہ واجب القتل ہے تو پھر تو یہ دیکھنا پڑے گا کہ قرآن مجید کی رو سے ہے اور حدیث کی رو سے اور جو ہمارے پاس فقہ ہے، اس کی رو سے رانا ثناء اللہ کی کیا پوزیشن ہے؟ میں یہ بتانا چاہتا ہوں۔ اگر رانا ثناء اللہ اپنی بات سے واپس آ گیا ہے اور اس نے یہ کہہ دیا کہ مجھ سے غلطی ہو گئی یا میں نے ایسی بات نہیں کی، جس طرح آج محترم بشیر خان نے بات کی ہے تو پھر اس کے معنی یہ ہیں کہ ان کو معاف کیا جا سکتا ہے لیکن اگر رانا ثناء اللہ اپنی بات پر اڑے رہے اور بات یہاں تک پہنچے اور کوئی لوگ ہم سے یہ امید رکھیں کہ ہم اس فتوے کے خلاف بات نہیں کریں گے، یہ کیسے ہو سکتا ہے؟ میں مسلم لیگ نون کے ساتھیوں کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کرتا ہوں لیکن میں کہتا ہوں کہ سیاست میں خدا کیلئے فتویٰ بازی کو نہ لایا جائے۔ اگر سیاست میں فتویٰ بازی آ گئی تو پھر ہم فتویٰ لگائیں نا آپ پر تا کہ مزا بھی تو آئے نا، ہمارے پاس دلائل بھی تو ہوتے ہیں۔ جناب سپیکر، ایک موقع آیا تھا، ایک موقع پاکستان میں ایسا آیا تھا 1965ء میں کہ ایک سو تیرہ علمائے کرام جمع ہو گئے اور

انہوں نے یہ فتویٰ دیا ہے، میں ریکارڈ درست کرانا چاہتا ہوں، توجہ چاہیئے، بشیر خان منی اسمبلی کر رہا ہے، ایک موقع آیا تھا 1960ء کی دہائی میں کہ ایک سو تیرہ جید علمائے کرام نے فتویٰ دیا کہ وہ لوگ جو سیکولر سیاست کرتے ہیں، ان کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں اور مجھے اچھی طرح یاد ہے، مولانا غلام غوث ہزاروی اور مولانا مفتی محمود نے ان کا ڈٹ کر مقابلہ کیا تھا کہ سیاست کے اندر ہر ایک آدمی آزاد ہے، کوئی آدمی جس طرح بھی سیاست کرنا چاہتا ہے، کفر کا فتویٰ اس پہ نہیں لگتا۔ اب کوئی آدمی مسلم لیگ میں ہو تو وہ مسلمان ہو گا، اب کوئی آدمی پیپلز پارٹی میں ہو گا تو یہ کافر ہو گا؟ تو یہ تو پھر ہماری پسند و ناپسند کی بات ہے۔ یہ بات نیچے گر جاتی ہے، میں اس قرارداد کی اس لئے حمایت کرتا ہوں کہ رانا ثناء اللہ کو یہ فتویٰ نہیں دینا چاہیئے تھا۔ اگر انہوں نے فتویٰ دیا، اس سے رجوع کر لیں، مسئلہ آسان ہو جائے گا۔

جناب سپیکر: بشیر بلور صاحب۔ صبر کریں۔ موؤ کریں۔ Bashir Bilour Sahib, to move-----

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: ہں؟

جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر (بلدیات)}: جناب سپیکر، مفتی صاحب نے جو قرارداد پیش کی ہے، میں اس سے Agree کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: آپ ان سے Agree کرتے ہیں۔ اچھا ابھی آپ میں سے ایک بندہ کون اس کو Defend کرنا چاہتا ہے، رانا ثناء اللہ کو کہ اس نے نہیں کہا ہے؟

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر-----

جناب سپیکر: جاوید عباسی صاحب۔

جناب محمد جاوید عباسی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر، آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے اس موضوع پر بات کرنے کی اجازت دی ہے۔ سیاست کے اندر زور اور تشدد لانا ہم اس کو ٹھیک بات نہیں سمجھتے۔ ہم سارے سیاسی لوگ ہیں اور سیاسی لوگ مختلف اوقات میں مختلف باتیں کرتے ہیں اور ایک بات کو کسی سیاق و سباق سے ہٹا کر بیان کر دینا، مثلاً آج جس طرح یہاں بشیر بلور صاحب کی بات کو غلط رنگ دے کر پورے پاکستان میں انہوں نے ایک غلط بات کہی اور اس کو غلط رنگ دے کر اس کو انہوں نے آگے بڑھایا اور فتوے دینا شروع کر دیئے، یہاں فتوے دینے کی فیکٹریز موجود ہیں جناب سپیکر، یہاں فتوے دینے کی کوئی

کمی نہیں ہے اس ملک کے اندر۔یہاں کہتے رہے وہ قادیانی ہے جس کے متعلق کوئی الزام نہ آئے، یہاں کہتے رہے یہ اسلام سے فارغ ہے، یہاں کہتے رہے، یہ ملک سے فارغ ہے۔ ہم یہ چاہتے تھے کہ بابر اعوان صاحب بھی ہمارے لئے عزت رکھتے ہیں (تالیاں) ایک بہترین آدمی اور ایک پارٹی کے لیڈر ہیں اور اس طرح رانا ثناء اللہ صاحب بھی ہماری پارٹی کے لیڈر ہیں، رانا ثناء اللہ صاحب نے خود کہدیا ہے اور میں مفتی صاحب کو ایک حدیث یاد کراتا ہوں کہ کسی کو جھوٹا ہونے کیلئے اتنا ہی کافی ہے کہ سنی سنائی بات کو آگے پھیلائے۔۔۔۔۔

(تالیاں)

<u>آوازیں:</u> صحیح بات ہے۔

<u>جناب محمد جاوید عباسی:</u> کہ اگر وہ صرف سنی سنائی بات کو آگے پھیلائے، خود نہ سنی ہو، انہوں نے بعد میں ٹی وی پہ آ کے کہدیا ہے کہ یہ جو بات کہی گئی ہے، اس طرح لینگویج استعمال کرنے کا کہیں بھی میرا کوئی مقصد نہیں تھا، نہ میں نے کوئی فتویٰ دیا ہے۔ آپ جانتے ہیں کہ ہم دوست جب آپس میں گپ شپ لگا رہے ہوتے ہیں جناب سپیکر، جہاں ہم بات کر رہے ہوتے ہیں، ٹاک شو میں بات کر رہے ہوتے ہیں تو ایک مختلف بات کو ایک بات سے علیحدہ کر کے بیان کر دیا جاتا ہے، جس طرح کل بشیر بلور صاحب نے یہ کہا کہ قرآن میں اگر یہ لکھا ہوا ہے کہ نماز کے قریب مت جائیں، صرف نشے کی حالت میں ہے، تو پھر دیکھیئے یہ بات اس میں کی گئی تھی، ہمیں آج اپنے دوستوں سے بھی بڑا گلہ ہے کہ چھوٹی سی بات ہوتی ہے، آپ ایک دم یہ کونسی ایک روایت آج ان اسمبلیوں میں ڈال رہے ہیں کہ عددی اکثریت کی بنیاد پر اپنا زور دکھا رہے ہیں، یہ بالکل غلط بات ہے، کوئی بھی بات ہوتی ہے تو آپ ریزولیوشن لے کے آ جاتے ہیں، اگر کوئی سندھ سے بات چلے تو وہ ریزولیوشن لے آتے ہیں، پریذیڈنٹ صاحب کی صحت خراب ہو تو آپ ریزولیوشن لے آتے ہیں، پنجاب کی بات ہو تو یہ پنجاب اسمبلی میں آپ جرات کرتے نا، وہاں آپ اسمبلی میں ریزولیوشن لے کے آتے، آج قومی اسمبلی کا اجلاس ہے، آپ وہاں ریزولیوشن لے کے آتے چونکہ وہاں Defend کرنے والے لوگ تھے، یہ روایات ٹھیک نہیں ہیں جو آپ زور کی بنیاد کے اوپر ڈال رہے ہیں۔ کل کوئی بھی بات کہے گا اور آج ہی بشیر بلور صاحب! آپ کے الفاظ Miss quote کئے گئے، مختلف جگہوں سے فتوے آئے ہیں، پھر تو ریزولیوشن پر یہ کل آپ کے خلاف بھی بات کریں گے، ہم سمجھتے ہیں یہ بہت غلط روایت ہے اس اسمبلی کے اندر، یہ غلط روایت کسی طور پر بھی نہیں ہونی چاہیئے۔ جناب سپیکر، سیاسی لوگ

سیاسی باتیں کرتے ہیں، سیاسی جلسے کرتے ہیں، سیاسی پارٹیاں اپنا منشور دیتی ہیں، وہ ایک دوسرے کا مقابلہ کرتے ہیں اور ایک دوسرے پر شدید نکتہ چینی کرتے ہیں، ان کی عزت اتنی چھوٹی نہیں ہوتی کہ ان کیلئے ایک ریزولیوشن آدمی لے آئے، یہ ہاؤس کا ماحول خراب کرنے کیلئے اور میں سمجھتا ہوں Cheep popularity حاصل کرنے کیلئے اس سے کوئی فائدہ آپ کو نہیں ہو گا۔ آپ نے کئی ریزولیوشنز پہلے بھی یہاں سے پاس کروادی ہیں لیکن ہم اس کی شدید مذمت کرتے ہیں، جو ریزولیوشن آپ لیکر آئے ہیں، یہ ناجائز تھی اور نہیں لانا چاہیئے تھی۔ ہاں، اگر ان دو آدمیوں کے درمیان کوئی بات ہوئی ہے جو ہمارے سامنے نہیں ہوئی اور ہمیں پتہ بھی نہیں اور ان میں ایک آدمی بھی Witness نہیں تھا اس بات کا، صرف یہاں کا ماحول خراب کرنے کیلئے میں سمجھتا ہوں کہ اس اسمبلی کا ماحول خراب کرنے کیلئے اور مجھے آج بڑا دکھ ہوا ہے مفتی کفایت اللہ صاحب پہ، آپ کو پہلے ہی، پانچ منٹ پہلے فتویٰ قبول نہیں ہوا جب آپ نے بات کی، آج آپ خود فتویٰ دینے کیلئے اتنا آگے بڑھے ہیں، ہمیں پہلے سے پتہ تھا کہ آپ حکومت سے ہیں، کبھی بھی پیپلز پارٹی سے آپ جدا نہیں ہیں۔ (تالیاں) یہ مرکز میں بھی پیپلز پارٹی کا حصہ ہیں (تالیاں) یہ میں ثابت کرنا چاہتا تھا کہ آپ آج بھی ان کا حصہ ہیں، یہ اشارہ اے این پی کا نہیں ہے، یہ اشارہ آصف علی زرداری کا ہے، یہ زرداری صاحب نے وہاں سے اشارہ دیا ہے اور جب زرداری صاحب فتویٰ دے دیں تو مولانا صاحب اور مفتی صاحب لبیک کہتے ہیں، سارے پاکستان کو اس بات کا پتہ ہے۔ (تالیاں) اور اچھا ہو گیا کہ آج ریزولیوشن آ گئی، لوگوں نے کم از کم ہماری اپوزیشن کو تو پہچان لیا کہ یہ کس طرح کی اپوزیشن ہے؟ جب تقریریں کرتے ہیں تو گھنٹہ گھنٹہ باتیں کرتے ہیں اور پھر شیر و شکر ہوتے ہیں تو اندر سے یہ ملاپ ہے جس کیلئے ہم سمجھتے ہیں کہ یہ سیاست میں کسی طور پر بھی ٹھیک نہیں ہے، اب بھی ہماری ریکویسٹ ہے ان سے۔۔۔۔۔

ملک قاسم خان خٹک: جناب سپیکر، دا غلطه خبره کوی۔۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: آپ تشریف رکھیں، ہم نے آپ کی بات سنی ہے، آپ تشریف رکھیں۔ آپ ذرا تشریف رکھیں، آپ ملے ہوئے ہیں اندر سے اور آپ کوئی اپوزیشن نہیں ہیں۔ میں آپ کی۔۔۔۔۔

ملک قاسم خان خٹک: جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔۔

وزیر برائے آبکاری و محاصل: سپیکر صاحب۔۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: میں آپ کی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی لیاقت شباب۔

وزیر برائے آبکاری و محاصل: جناب سپیکر صاحب، تھینک یو۔ جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب، ابھی میری بات ختم نہیں ہوئی۔

جناب سپیکر: یہ کافی ہوگیا، کافی ہوگیا۔ (شور) ابھی کافی ہوگیا، موؤر کو اجازت ہے۔

وزیر برائے آبکاری و محاصل: جناب سپیکر صاحب! ڈیرہ مننہ جی۔ میں اپنے قابل احترام دوستوں اور جناب بیرسٹر جاوید عباسی صاحب کا انتہائی ممنون ہوں، انہوں نے اپنا نکتہ نظر پیش کیا لیکن جہاں تک ریزولیوشن کی بات ہے جی، تو ہمارا ملک جس دوراہے سے گزر رہا ہے، جو چیلنجز ہمیں درپیش ہیں، ان حالات میں اگر سیاسی لیڈران، سیاسی لوگ اس قسم کے فتوے دینا شروع کردیں جو ان کے شایان شان نہیں تو یہ سیاست کو مزید گندگی کی طرف ہم لے کے جائیں گے اور رانا ثناء اللہ صاحب کا شروع سے کردار آپ سب کے سامنے ہے جی، الحمداللہ ہمارے صوبہ خیبر پختونخوا کی جو سیاست یہاں پہ چل رہی ہے، تمام پارٹیز کافی بھائی چارے کے ماحول میں اور کبھی بھی یہاں پہ ایسا واقعہ نہیں ہوا اور نہ کہیں اس قسم کی حرکت ہوئی جو کسی بھی ممبر نے کی ہو لیکن بدقسمتی سے ہم دیکھ رہے ہیں کہ پنجاب میں اس قسم کی سیاست ہو رہی ہے جو سیاسی لوگوں کو زیب نہیں دیتی۔ یہاں میرے بھائی بیرسٹر صاحب نے مفتی صاحب کے حوالے سے حدیث Quote کی تو کم از کم ہم سب کو پہلے اپنا احتساب کرنا چاہیئے کہ اسی اسمبلی فلور پہ ہم جب کھڑے ہوتے ہیں تو ہم وہی اخباری بیانوں پہ یہاں ڈسکشن کرتے ہیں، ہم وہی ٹی وی کی جو باتیں ہیں، یہاں پہ ڈسکس کرتے ہیں (تالیاں) ہم نے کبھی اس کی تحقیق نہیں کی کہ آیا یہ بات سچ ہے یا نہیں ہے؟ اور سب سے زیادہ بات میرے بھائی بیرسٹر صاحب کرتے ہیں کیونکہ ان کا وکالت میں بھی Experience ہے، بیرسٹر صاحب بھی ہیں اور اسے یہ بہت اچھی طرح کر سکتے ہیں لیکن صرف گزارش یہ تھی جی کہ ہم ہر اس چیز کو Condemn کریں گے جو ہماری سیاسی روایات اور سیاسی اقدار کے خلاف ہو، چاہے وہ ہم میں سے ہو، چاہے وہ اے این پی سے ہو، چاہے وہ کسی پارٹی سے بھی ہو، ہم کسی کے ساتھ پرسنل مسئلہ نہیں چاہتے لیکن وہ چیزیں جو سیاسی اقدار کو پراگندہ کریں تو کم از کم اس پہ اتنا Stand نہیں لینا چاہیئے۔ اگر مفتی صاحب نے اس پر Stand لیا ہے تو مفتی صاحب کا ہماری پارٹی سے کوئی تعلق نہیں ہے، انہوں نے اپنے علم کی وجہ سے، جو علم اللہ نے انہیں دیا ہوا ہے، اس کے مطابق انہوں نے حق بات کی، اس پہ Stand لیا ہے جسے میں Appreciate کرتا ہوں (تالیاں) لیکن اس کے ساتھ ہی

یہاں پہ پھر اس قسم کی باتیں جناب کہ یہ جی زرداری صاحب کا فتویٰ آیا ہے اور یہ حکومت کے ساتھ ملے ہوئے ہیں تو کم از کم ہم اپنے گریبان میں بھی دیکھیں کہ تین سال سے تو یہ بھی باتیں ہو رہی ہیں، ٹی وی اور اخبارات میں کہ جناب یہ فرینڈلی اپوزیشن ہے، (تالیاں) ایک سال تک تو یہ بھی ہمارے ساتھ گورنمنٹ میں بیٹھے رہے اور پنجاب گورنمنٹ میں تو تین سال تک یہ بھائی ہمارے ساتھ پارٹی میں رہے تو آج یہ کیوں مفتی صاحب کو اس چیز کا طعنہ دے رہے ہیں؟ (تالیاں) میری گزارش یہ ہے جی کہ یہ زرداری صاحب کا فتویٰ نہیں ہے اور نہ یہ میاں نواز شریف صاحب کا فتویٰ تھا جو رانا ثناء اللہ صاحب نے پیش کیا تو ہم ہر اس چیز کو Condemn کریں گے جو ہماری روایات کے خلاف ہو۔ تو میں ہاؤس سے اپیل کرتا ہوں کہ اس قرارداد کو یہ پاس کرے۔ تھینک یو، جی۔

<u>Mr. Speaker:</u> Is it the desire of the House-----

<u>جناب عنایت اللہ خان جدون:</u> جناب سپیکر! ہمیں بھی بولنے کا موقع دیں۔

<u>Mr. Speaker:</u> The motion before the House is that the resolution moved by the honourable Minister and Members may be adopted?

<u>جناب عنایت اللہ خان جدون:</u> جناب سپیکر! ہمیں پورا موقع نہیں ملا۔

<u>جناب سپیکر:</u> ہر پارٹی سے ایک ایک کو مل گیا نا، بس یہ پورا وقت تو اس پہ نہیں لگا سکتے، بس ایک آدمی کی ایک انفرادی بات تھی، ابھی بس یہ کافی ہے۔ The resolution moved by the honorable Members and Minister may be adopted?. Those who are in favour of it may say 'Yes'.

<u>Voices:</u> Yes.

<u>Mr. Speaker:</u> Those who are against it may say 'No'.

<u>Voices:</u> No.

<u>جناب محمد جاوید عباسی:</u> جناب سپیکر، اس پہ ووٹنگ کرائیں جی۔

<u>Mr. Speaker:</u> Now----

<u>جناب محمد جاوید عباسی:</u> ووٹنگ کرا دیں۔

<u>Mr. Speaker:</u> Those who are against it, they may stand up.

گن لیں، یہ کتنے ہیں؟

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

<u>Mr. Speaker:</u> Four, four. Now those who are in favour of this resolution, they may stand up; count down, please. Fifty, fifty are in favour and four are in opposition.

(Applause)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it; the resolution is adopted by majority.

اب میں محترم وزیر خزانہ، جناب ہمایوں خان صاحب کو دعوت دیتا ہوں کہ وہ سپلیمنٹری بجٹ پر اپنی Wind up speech کریں۔ آنریبل منسٹر فنانس۔

جناب محمد ہمایوں خان(وزیر خزانہ): اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔

(اس مرحلہ پر مسلم لیگ نون کے اراکین اسمبلی ایوان سے واک آوٹ کر گئے)

جناب سپیکر: کچھ اچھے طریقے والی چیز پہ بائیکاٹ کر لیتے تو اچھا ہوتا، یہ کیا بات ہوئی، اس پہ تو آپ لوگ ابھی تک Favour کر رہے تھے؟

وزیر خزانہ: جناب سپیکر! میں اس معزز ایوان اور تمام دوستوں کا مشکور ہوں جی جنھوں نے ضمنی بجٹ پہ بحث بھی کی، حافظ اختر علی صاحب، قلندر خان لودھی صاحب، سکندر شیر پاؤ صاحب، مفتی کفایت اللہ صاحب، اورنگزیب نلوٹھا اور مولوی عبید اللہ صاحب کا۔ کافی تفصیلاً بحث ہوئی اور بڑے اچھے طریقے سے Attempt ہوئی کہ اس کو ہم کوئی ایسی چیز ظاہر کر دیں کہ یہ کوئی بہت بڑا غبن ہوا ہے، مفتی صاحب، حافظ اختر علی صاحب نے اس کو اس طرح پیش کیا۔ سکندر خان نے حالانکہ کچھ اس طرح نہیں ہے، صرف جناب سپیکر، کچھ دوستوں نے رواں مالی سال کے ضمنی بجٹ کو ایسے تعبیر کیا جیسے یہ خسارے کا بجٹ ہے جو کہ درست نہیں ہے جی۔ جیسا کہ پہلے بھی میں وضاحت کر چکا ہوں کہ سیلاب کی ناگہانی آفت کے سبب متاثرین کی بحالی اور آبادکاری پر ناگزیر اخراجات کیلئے بجٹ میں پہلے سے مختص شدہ فنڈز فراہم کئے گئے۔ اگرچہ ضمنی بجٹ میں دیگر کئی فیکٹرز بھی شامل ہیں لیکن سب سے بڑی اور ٹھوس وجہ متاثرین کی بحالی اور آبادکاری پر اٹھنے والے اخراجات ہیں۔ میں اس معزز ایوان کے سامنے یہ وضاحت ضروری سمجھتا ہوں کہ ضمنی بجٹ کی وجہ سے نہ تو کوئی ہمیں خسارے کا سامنا رہا اور نہ ہی منظور شدہ بجٹ سے تجاوز کر گیا اور یہ اس طرح جلدی میں Re-appropriation ہوئی ہے۔ جناب سپیکر، جب سیلاب آیا تو حکومت کے پاس دو ہی راستے تھے، یا تو ہم اپنے دوستوں کیلئے، ہمارے بہن بھائی جو بے گھر ہوئے، جو سیلاب سے تباہ کاریاں ہوئیں، جو روڈز یا انفراسٹرکچر تباہ ہوا، اس کیلئے جو حکومت نے کیا ہے کہ Immediately ہم نے اپنے Annual Development Plan میں New portfolio کو سسپنڈ کیا اور اپنے بھائیوں کی

آبادکاری اور ان کو ریلیف دینے کیلئے ہم نے وہ پیسے ادھر ہی Divert کر دیئے تاکہ سب سے پہلے جو ہمارے Flood damages ہوئے ہیں، ہماری روڈ، یا Bridges وغیرہ یہ Damage ہوئے یا جو ہمارے بہن بھائی بے گھر ہوئے ہیں یا ان کو سپورٹ چاہیئے، اس کیلئے یہ ایک ہمارے پاس طریقہ تھا۔ دوسرا طریقہ یہ تھا کہ ایک سال مزید انتظار کرتے اور ان بہن بھائیوں کو بے سہارا چھوڑتے اور آئندہ بجٹ میں ان کیلئے ہم کچھ ایلوکیشنز کرتے۔ تو میرے خیال میں یہ حکومت کی سب سے بڑی اچھی اور بہت اعلیٰ 'سٹریٹیجی' تھی کہ جلد سے جلد ہم نے اپنے ان بہن بھائیوں کو محفوظ مقامات پر پہنچایا، ان کو فوڈ بھی دیا اور ان کیلئے انفراسٹرکچر کی بحالی کیلئے بھی ہم نے وہ کیا جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، فنانشل ڈسپلن اگرچہ تقاضا کرتا ہے کہ اسمبلی سے پاس شدہ بجٹ کی پورے مالی سال کے دوران پاسداری کی جائے لیکن پہلے جیسے میں نے ذکر کیا کہ یہی وجوہات تھیں کہ ہم نے اس میں ردوبدل کیا۔ اب میں Individual پر، حافظ اختر علی صاحب کا سوال تھا اور حافظ صاحب نے بڑے اچھے طریقے سے اس کو وہ کیا، حالانکہ میں سمجھتا ہوں اور مجھے یقین ہے کہ حافظ صاحب بڑے اچھے طریقے سے ضمنی بجٹ کو سمجھتے بھی ہیں لیکن یہ انہوں نے جس طرح پیش کیا ہے، یہ انہوں نے کہا کہ ضمنی بجٹ ایک بہت بڑا بوجھ ہے حکومت پر، تو ضمنی بجٹ کوئی خسارہ پورا کرنے کیلئے پیش نہیں کیا جارہا، یہ صرف ان اخراجات کو جو موجودہ مالی سال میں ناگزیر وجوہات کی بناء پر کرنے پڑے اور اسمبلی کی منظوری ضروری ہے، یہ اخراجات بجٹ کے منظور شدہ ڈیمانڈز میں ضروری ردوبدل سے پورے کئے ہیں، کسی قسم کے ذاتی اخراجات نہیں کئے گئے، کسی قسم کا خسارہ شامل نہیں اور موجودہ بجٹ بالکل متوازن ہے۔ اس میں زیادہ تر اخراجات سیلاب سے متاثرین کی فوری بحالی پر کئے گئے اور نئی ترقیاتی سکیموں سے فنڈ کاٹ کر یہ اخراجات پورے کئے گئے، اس کیلئے ضروری تھا کہ ہم بیرونی امداد کا انتظار کریں یا کوئی اور طریقے سے، تو پہلے میں عرض کر چکا ہوں کہ یہ ہمارا وہ تھا جی۔ حافظ اختر علی صاحب نے جس ٹی وی چینل کا ذکر کیا کہ پچھلے بجٹ میں ہم نے اناؤنس کیا تھا تو فزیبلٹی سٹڈی اس ٹی وی چینل کی آخری مراحل میں ہے اور جلد ہی اس کو عملی جامہ پہنایا جائے گا جی۔ دینی مدارس کیلئے کوئی فنڈ نہیں رکھا گیا، ہر سال دو کروڑ روپے دینی مدارس کیلئے فنڈز مختص کئے جاتے ہیں جی، ضمنی بجٹ میں 38 لاکھ روپے مختص ہیں جس کے ذریعے پچپن تحصیل خطیب کی آسامیاں پیدا کی جائیں گی، سر یہ ان کا ایک سوال تھا۔۔۔۔

جناب سپیکر: کتنا؟

وزیر خزانہ: 38لاکھ روپے مختص ہیں جی جس کے ذریعے پچپن تحصیل خطیب کی آسامیاں پیدا کی جائیں گی۔ حافظ اختر علی صاحب کا ایک یہ بھی سوال تھا کہ پانچ لاکھ طلباء کو وظائف دینے کا وعدہ پورا نہیں ہوا۔ چھٹی جماعت۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ بابک صاحب نے بھی ایک وعدہ کیا تھا، دینی مدارس کیلئے Curriculum کا تھا، کس چیز کا تھا جی؟ بابک صاحب کا وعدہ بھی ذرا اس میں رکھیں۔ بابک صاحب۔

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): او بالکل جی، مونږ وئیلی وو، مونږ آفر هم کړے دے چه دا مدرسے چه څومره دی، کوشش مونږ دا کوؤ چه دوئ ته کمپیوټر هم ورکړو او دا Curriculum چه کوم دے، نصاب هم ورته ورکړو۔ بل مونږ یو آفر کړے وو چه دا مکتب سکولونه زمونږ اکثر وی کنه جی، مونږ دا هم کوشش کوؤ چه اشتراکی توګه باندے دوئ سره سکولونه روان کړو په دے مدرسو کښے۔

جناب سپیکر: دا ډیر ښه سکیم دے او مفتی صاحب دوئ سره او دوئ سره کښینئ نو ډیر ښه پروګرام دے، هغه مفتی صاحب درته وئیلی وو جی۔

وزیر خزانہ: حافظ اختر علی صاحب کا یہ سوال کہ پانچ لاکھ طلباء کو وظائف کا وعدہ پورا نہیں ہوا، چھٹی جماعت سے دسویں جماعت تک کے تمام طالبات کو جو سرکاری سکولوں میں زیر تعلیم ہیں، انکو سالانہ بارہ سو روپے کے حساب سے وظیفہ یعنی Stipen دیا جاتا ہے جی۔ قلندر لودھی صاحب کا ایک سوال تھا کہ ضلعی حکومتوں کی تنخواہوں کا اندازہ بجٹ میں کیوں نہیں کیا گیا؟ میں عرض کرتا چلوں جی کہ جب بجٹ میں فیڈرل گورنمنٹ نے Increase کیا Salaries میں یا پنشن میں اور پھر اس کے بعد جب صوبائی حکومت بجٹ پیش کرتی ہے تو کیبنٹ سے Approval لی جاتی ہے تو اندازہ ہم تو کر لیتے ہیں لیکن Actual figure وہ Last stages میں اس وقت لی جاتی ہے جب ہمارے کرنٹ سائڈ کے بجٹ کی بکس پرنٹ ہو چکی ہوتی ہے تو اندازہ تو ہوتا لیکن اس میں پھر ردوبدل ہو جاتا ہے تو ہم نے یہ سپلیمنٹری میں لایا۔ اسی طرح پنشن اور میڈیکل الاؤنس میں غیر معمولی اضافے کی وجہ سے سپلیمنٹری Create ہوا۔ Census کے حوالے سپلیمنٹری کی بات تھی، یہ فنڈز وفاقی حکومت نے سال کے دوران جاری کئے، جو Census کا آپ کا سوال تھا جس کی منظوری ایوان سے سپلیمنٹری بجٹ کے ذریعے لینا پڑے گی جی، صوبائی حکومت نے اپنے وسائل میں کوئی ردوبدل نہیں کیا۔ معدنیات کے محکمے کا سوال تھا جی کہ 28 کروڑ روپے کیوں ملے؟ سپریم کورٹ

کے فیصلے کے مطابق حکومت کو محکمہ معدنیات میں ویلفیئر کیلئے 28 کروڑ روپے کی گرانٹ دینا پڑی جس سے سپلیمنٹری پیدا ہوا۔ سکندر شیر پاؤ صاحب کا بھی ایک سوال تھا کہ ضمنی بجٹ ایک لازمی جز بن گیا ہے جو کہ بجٹ کے اصل مقاصد اور اہداف کو Defeat کرتا ہے۔ میں اس بات سے اتفاق کرتا ہوں جی کہ بجٹ میں مختص اخراجات دیئے گئے، اتنے ہی خرچ ہونے چاہئیں، انہی مقاصد کیلئے ہونے چاہیئے جو بجٹ میں دیئے گئے ہوں مگر جناب سپیکر، جیسے میں نے عرض کیا کہ سیلاب کی وجہ سے جو انسان کو کوئی پتہ نہیں ہوتا ہے کہ آنے والے دنوں میں اللہ ہی بہتر جانتا ہے اور ہم یہی اللہ سے دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالی ہمارے ملک کو، ہم سب کو آئندہ آنے والی آفتوں سے بچائے، تو اسی وجہ سے زیادہ تر ضمنی بجٹ میں کیا گیا۔ کیا تنخواہ اور پنشن میں اضافے کیلئے تخمینہ صحیح طور پر نہیں لگایا گیا تھا؟ جناب سپیکر، مالی سال کے آخر میں بجٹ کی تیاری کے مراحل میں وفاقی حکومت تنخواہ اور پنشن میں اضافے کے حوالے سے مختلف Proposal زیر غور لاتی ہے، وفاقی حکومت اور کابینہ کسی بھی ایک Proposal کی منظوری بالکل آخری وقت میں دیتی ہے جب صوبائی حکومت کی بجٹ کی کتابیں چھپ چکی ہوتی ہیں اور ان میں ایک اندازے کے مطابق تنخواہ اور پنشن میں اضافے کیلئے رقم مختص کی جاتی ہے۔ پچھلے سال کے غیر معمولی پچاس فیصد اضافے کی توقع نہیں تھی مگر وفاقی حکومت کے اعلان کے بعد ہمیں بھی اپنے ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کرنا پڑا جو ہمارے اندازے سے بہت زیادہ تھا اور اضافی فنڈ کی ضرورت پڑی۔ اس طرح وفاقی حکومت کی جانب سے تین ارب روپے سے زیادہ رقم پی ایس ڈی پی کیلئے موصول ہوئی جو کہ اوریجنل بجٹ میں شامل نہیں تھی، اس لئے اسکی منظوری بھی ایوان سے سپلیمنٹری بجٹ کے ذریعے لینی ضروری ہے جی۔ مفتی صاحب کا جی ایک سوال تھا پی ڈی ایم اے کے سلسلے میں، سیلاب کے متاثرین کیلئے سات ارب، 14 کروڑ 52 لاکھ کی رقم دی گئی جو کہ متاثرین کی بحالی، دوبارہ آبادکاری اور وطن کارڈ اور مختلف امور پر خرچ کی گئی، مفتی صاحب کا یہ سوال تھا۔ دوسرا سوال جی مفتی صاحب نے عجیب قسم کا ایک لفظ 'کالے کپڑے' کے نیچے وہ کرنا، کالا کپڑا مفتی صاحب نے بڑے اچھے طریقے سے وہ کیا لیکن ان کو میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ سپیشل پروگرام فیڈرل پی ایس ڈی پی کا پروگرام ہوتا ہے، سپیشل پروگرام جو کہ فیڈرل گورنمنٹ کے مختص کردہ فنڈز ہیں، اس میں مختلف سیکٹرز کیلئے فنڈز مختص کئے گئے ہیں اور صوبے کے بجٹ میں چونکہ ان کا ذکر نہیں ہوتا اور وفاق سے فنڈز ملنے پر سپلیمنٹری بجٹ کے ذریعے اسکی ایوان سے منظوری ضروری تھی، تو یہ کوئی کالے کپڑے سے جو آپ نے وہ تشبیہہ دی تھی مفتی صاحب! یہ ویسے نہیں ہے، نہ ہم نے

چھپائے ہیں، یہ پیسے فیڈرل گورنمنٹ سے ہمارے پاس آئے تھے ایس ڈی پی میں، پروانشل گورنمنٹ نے اسکی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ پہلے مداری لوگ جو ہوتے تھے، وہ کالے کپڑے کے نیچے کچھ منتر جنتر پڑھتے تھے، یہ آپ کو وہ کپڑا بتارہے ہیں۔

وزیر خزانہ: سپیکر صاحب، میں نے تو پہلے کہا ہے کہ مفتی صاحب نے جس طریقے سے، پہلے مجھے وہ طریقہ نہیں آتا جس طرح مفتی نے اس ایوان کو یا سب لوگوں کو وہ کیا کہ یار! یہ کوئی ایسی واردات ہوئی ہے، تو میں اس سلسلے میں یہ عرض کررہا ہوں کہ مجھے پتہ ہے کہ مفتی صاحب کو بھی پتہ ہوگا کہ یہ پیسے کدھر سے ملتے ہیں اور کیوں سپلیمنٹری میں آتے ہیں؟ لیکن اس کو میرے خیال میں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: Appreciate تو کریں کہ انہوں نے ایک محنت کی تھی، وہ پوری تیاری کے ساتھ۔۔۔۔۔

وزیر خزانہ: مفتی کفایت اللہ صاحب نے اوقاف کا ذکر کیا تھا کہ اوقاف کا بجٹ کیوں پیش نہیں کیا جاتا ہے؟ اوقاف ڈائریکٹوریٹ ایک Autonomous body ہے جی اور اسکا بجٹ صوبائی بجٹ کا حصہ نہیں ہوتا ہے، مفتی صاحب کو اگر کوئی تفصیل چاہیئے تو ہم فراہم کر سکتے ہیں۔ چونکہ اسکا بجٹ Provincial consolidated fund سے نہیں ہے، وہ اس لئے اسمبلی میں پیش نہیں کیا جاتا اور باقی جتنی بھی Autonomous bodies ہیں، ان کے فنڈز بھی بجٹ کا حصہ نہیں ہوتے جی۔ کنسٹرکشن اینڈ ورکس ایک AG code ہے جی، کسی محکمے کا نام نہیں، کسی محکمہ کا نام اور AG code کو Mix نہیں کرنا چاہیئے جی اور یہ Auditor General کی کتاب میں دیئے گئے مختلف AG codes کے بارے میں ہے جو PEPRA کے نظام کے تحت ضروری ہے۔ مفتی صاحب نے ان فگرز میں اخراجات جاریہ، سپلیمنٹری دوسرے فگرز، جتنی بھی چیزیں تھیں، اس میں ڈال کے اسکو عجیب طریقے سے جیسے کنسٹرکشنز اینڈ ورکس کوئی اور چیز ہے، تو یہ فگرز اگر آپ الگ الگ لے لیں تو میرے خیال میں پھر آپ کو صحیح نظر آئیں گے لیکن Naturally آپ کی مجبوری تھی مفتی صاحب! کہ آپ نے یہ کرنا تھا، خیر Any how میں Appreciate کرتا ہوں جی۔ ان سب دوستوں کا شکریہ بھی ادا کرتا ہوں جی، جس احسن طریقے سے بجٹ کی بحث ہوئی جی، میں ایک دفعہ پھر آپ کا، تمام ایوان کا، تمام ساتھیوں کا اور ان افراد کا، اپنی پولیس کے سپاہیوں، ایجنسیز کے نوجوانوں یا جن کو تکلیف ہوئی، ان سب کا میں شکریہ ادا کرتا ہوں، Thank you very much۔

Mr. Speaker: Thank you ji. The sitting is adjourned till 04:00 pm of tomorrow afternoon.

---

(اسمبلی کااجلاس بروز بدھ مورخہ 22 جون 2011 سہ پہر چار بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)